★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 10 جمادی الثانی 1446ھ 13 دسمبر 2024ء 27 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 58

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

مریم نواز کا شنکھیاں ایکسپیریمنٹل اسکول کا دورہ، مختلف شعبوں کا معائنہ

مریم نواز نے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے بارے میں دریافت کیا، سکول کے بجٹ، نصاب، طریقہ تعلیم اور ایکسپرٹ ٹیچر کے بارے میں بھی پوچھا

شنکھیاں ایکسپیریمنٹل سکول بچوں کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے علوم سیکھانے کیلئے قائم کیا گیا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بریفنگ



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف شنکھیاں ایکسپیریمنٹل سکول میں کلاس روم کا مشاہدہ کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شنکھیاں ایکسپیریمنٹل سکول اور چائنیز اکیڈمی آف سائنسز کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شنکھیاں ایکسپیریمنٹل سکول کے مختلف شعبوں کا مشاہدہ کیا، باقی صفحہ 7 بحث نمبر 1

علما سے کوئی اختلاف نہیں، ہماری شکایت صرف صدر مملکت سے ہے، فضل الرحمن

آئینی ترمیم پر دستخط ہوگئے تو پھر اس بل پر دستخط کیوں روکے گئے؟ سمر برا ہوئے یو آئی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ دینی مدارس کے معاملے کو غیر ضروری طور پر الجھا دیا گیا ہے، ہمارا علما سے کوئی اختلاف نہیں، ہماری شکایت صرف اور صرف ایوان صدر اور صدر باقی صفحہ 7 بحث نمبر 2

قومی اسمبلی، وزراء غائب، اپوزیشن لیڈر برس پڑے

وزرا کے غائب رہنے پر ڈپٹی اسپیکر کا ایوان نہ چلانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے اجلاس سے مسلسل دوسرے روز بھی وفاقی وزرا غائب رہے جس پر اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کڑی تنقید کی جگہ ڈپٹی اسپیکر نے اجلاس جاری کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح ایوان نہیں باقی صفحہ 7 بحث نمبر 3

نواز شریف، آصف زرداری اور گیلانی کی توشہ خانہ کیس ایف آئی اے کو بھجوانے کی استدعا مسترد

احتساب عدالت کی جج عابدہ سجاد نے ریفرنس ایف آئی اے کے پیشل جج سینٹرل کو بھیج دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی احتساب عدالت نے سابق وزیراعظم نواز شریف، آصف علی زرداری، یوسف رضا گیلانی و دیگر کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کا ریفرنس ایف آئی اے، اینٹی کرپشن کو بھیجنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ایف آئی اے کے اسپیشل جج سینٹرل کو بھیج دیا ہے۔ اسلام آباد کی احتساب عدالت نمبر 3 کی جج عابدہ سجاد نے صدر آصف زرداری، سابق وزیراعظم نواز شریف اور سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی توشہ خانہ کی گاڑیوں کا مقدمہ ایف آئی اے کو بھجوانے کی استدعا برخلاف شائد و فیصلہ ماریا، عدالت نے توشہ باقی صفحہ 7 بحث نمبر 4

توشہ خانہ ٹو کیس
عمران خان، بشریٰ بی بی کی بریت کیخلاف اپیل پر فرد جرم عائد

جج شاہ رخ ارجمند نے اڈیالہ جیل میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت کی، اس موقع پر سابق وزیراعظم عمران خان کے علاوہ ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں۔ جج شاہ رخ ارجمند نے فرد جرم پڑھ کر سنائی، ملزمان نے صحت جرم سے انکار کر دیا

ابتدائی تحقیقات نیب نے کی تھی، نیب ترامیم کی روشنی میں کیس ایف آئی اے نے تحقیقاتی کارروائی کے بعد چالان عدالت میں جمع کرایا تھا، 7 ستمبر 2024 میں ایف آئی اے نے مکمل کر دیا تھا، ستمبر 2024 میں ایف آئی اے نے ضروری تحقیقاتی کارروائی کے بعد چالان عدالت میں جمع کرایا تھا، عدالت نے ملزمہ کے خلاف کچھ ٹھوس نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی گزشتہ سماعت 5 دسمبر کو اڈیالہ جیل میں ہوئی، ساعت کے دوران بشریٰ بی بی عدالت میں حاضر نہیں ہوئی تھیں جس پر عدالت نے ان کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے تھے۔ عدالت نے ملزمہ کے خلاف کچھ ٹھوس نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی ساعت 18 دسمبر تک ملتوی کر دی تھی۔ واضح رہے کہ کیس کی گزشتہ سماعت 5 دسمبر کو اڈیالہ جیل میں ہوئی، تحقیقات نیب نے کی تھی، نیب ترامیم کی روشنی میں یہ کیس ایف آئی اے منتقل کر دیا تھا، ستمبر 2024 میں ایف آئی اے نے ضروری تحقیقاتی کارروائی کے بعد چالان عدالت میں جمع کرایا تھا، کیس کی گزشتہ سماعت 5 دسمبر کو اڈیالہ جیل میں ہوئی، ساعت ملتوی کر دی گئی۔ واضح رہے کہ کیس کی ساعت 18 دسمبر تک

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

پاکستان کو آئین، قانون کے راستے پر چلانے کی عمران خان کی کمٹمنٹ میں کمی نہیں آئی، مسرت جمشید چیمہ

مسلط کیا گیا ٹولہ جان لے خوف کی فضاء پیدا کر کے حالات میں سدھار نہیں لایا جا سکتا ہے، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ جیل میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنے کے باوجود پاکستان کو آئین و قانون کے راستے پر چلانے کی عمران خان کی کمٹمنٹ میں کوئی کمی نہیں آئی، مسلط کیا گیا ٹولہ اچھی طرح جان لے خوف کی فضاء پیدا کر کے حالات میں سدھار نہیں لایا جا سکتا ہے، پی ٹی آئی کھلے دل اور کھلے ذہن کے ساتھ مذاکرات کرنا چاہتی ہے اس لئے حکومت کے قول و فعل میں بھی تضاد نہیں ہونا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آپ کسی بھی باشعور انسان سے پوچھ لیں وہ موجودہ حکومت کے وجود پر سوال اٹھائے گا، کیا ایسی حکومت ملک کے لئے فیصلے کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمران خود بھی جانتے ہیں وہ چوری کے مینڈیٹ سے اقتدار پر براجمان ہیں اور ان کی اخلاقی طور پر کوئی حیثیت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف وفاق کی سب سے بڑی جماعت ہے اور ایسے کیسے ہو سکتا ہے کہ ہمیں انگیج نہ کیا جائے، طاقت کا اندھا دھند استعمال اور تکبرانہ انداز کسی طور پر قبول نہیں کیا جائے گا۔



ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق سبزی منڈی اقبال ٹاؤن دورہ کے موقع پر سبزی فروش سے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈی جی ایل ڈی اے کا علامہ اقبال ٹاؤن اور مصطفی ٹاؤن کا دورہ، ملتان روڈ سبزی منڈی میں صفائی کے ابتر حالات پر اظہار ناراضگی

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ملتان روڈ سبزی منڈی اور اطراف کی ری ماڈلنگ کا پلان طلب کر لیا

مصطفی ٹاؤن سوک سینٹر میں ایل ڈی اے کی قیمتی پراپرٹی کا تحفظ یقینی بنایا جائے، تجاوزات، جھگیاں اور مویشی ہٹائے جائیں، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز علامہ اقبال ٹاؤن اور مصطفی ٹاؤن سیکم کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے مون مارکیٹ، سبزی منڈی نزد ملتان روڈ، سوک سینٹر مصطفی ٹاؤن کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ملتان روڈ سبزی منڈی اور اطراف کی ری ماڈلنگ کا پلان طلب کر لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے مصطفی ٹاؤن سوک سینٹر کا بھی دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سوک سینٹر میں ایل ڈی اے ملکیتی پراپرٹی پر فینسنگ کرنے اور سوک سینٹر کے اطراف سے تجاوزات، جھگیاں اور مویشی ہٹانے کے لیے آپریشن کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ہدایت کی کہ مصطفی ٹاؤن سوک سینٹر میں ایل ڈی اے کی قیمتی پراپرٹی کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ہدایت بلاک کا بھی دورہ کیا اور تجاوزات و جھگیاں ہٹانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہاؤسنگ تھری سمیرا علی جان نے بریفنگ دی۔

ایل ڈی اے کا گرینڈ آپریشن، سبزہ زار میں غیر قانونی تجاوزات مسمار کر دی گئیں

ٹیموں نے سوک سینٹر سے جھگیاں ہٹا دیں، لیاقت سے کھاڑک تک مکمل طور پر تجاوزات ختم کر دیں

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے پراپرٹی کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات جاری ہیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے سبزہ زار سکیم میں تجاوزات کے خلاف کامیاب آپریشن کرتے ہوئے سوک سینٹر اور بلاک ایچ ون سے جھگیاں اور عارضی تجاوزات ہٹا دیں۔ موٹروے اور بابو صابو انٹرچینج کے ساتھ علاقے کو کلیئر کر دیا۔ آپریشن کے دوران لیاقت چوک سے آگے مین بلیوارڈ اور کھاڑک روڈ سے بھی مکمل طور پر تجاوزات ہٹا دی گئیں۔ پلاٹ نمبر 712 بلاک بی کو قبضہ مافیا سے واگزار کروا لیا گیا اور سبزہ زار ہسپتال کے سامنے قائم عارضی دکانیں بھی ہٹا دی گئیں۔ آپریشن کی نگرانی ڈائریکٹر ہاؤسنگ فوریا ورورک اور ڈائریکٹر انفورسمنٹ کاشف الحسان نے کی۔

شہر میں سنگین نوعیت کے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں کمی

گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 342 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں سنگین نوعیت کے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں کمی، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 342 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 3 گھروں سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 5 افراد سے لاکھوں روپے ایک شہر سے موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 16 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 23 موٹر سائیکلیں، 2 کاریں، 4 دیگر وہیکل، 5 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 283 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔



جیلانی پارک میں گل دودی نمائش میں صوبائی وزیر بلال یاسین کو گارڈن پریذیڈنٹ محمد طارق ضیا بریفنگ دے رہے ہیں

لائن لین کے چالان منظم ٹریفک کے حصول کیلئے کیے جا رہے ہیں، ڈی آئی جی مرزا فاران بیگ

رواں سال لائن لین کی پابندی نہ کرنے والوں کے 567 فیصد زیادہ چالان کئے گئے، ترجمان ٹریفک پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کے احکامات پر لائن لین کی پابندی پر سختی سے عملدرآمد کرانا شروع کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق لاہور سمیت صوبہ بھر میں لائن لین کی پابندی نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں، رواں سال لائن لین کی پابندی نہ کرنے والوں کے 567 فیصد زیادہ چالان ہوئے۔ سال 2023 میں لائن لین کی خلاف ورزی پر 3 لاکھ 20 ہزار سے زائد چالان کئے گئے۔ رواں سال لائن لین کی خلاف ورزی پر 21 لاکھ 37 ہزار سے زائد شہریوں کے چالان۔ ترجمان کے مطابق لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، سیالکوٹ، ملتان اور فیصل آباد نے لائن لین کی خلاف ورزی پر سب سے زیادہ چالان کیے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ لائن لین کے چالان منظم ٹریفک کے حصول کے لیے کیے جا رہے ہیں، لائن لین کی پابندی سے حادثات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، ٹریفک ایجوکیشن یونٹ شہریوں کو لائن کی افادیت کے حوالے سے بریف کرے، لاہور سمیت دوسرے اضلاع میں بھی سڑکوں پر کونز لگا کر لائن لین کے فرق کو واضح کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری محفوظ سفر اور اپنی منزل پر باسانی پہنچنے کے لیے لائن لین کی پابندی کریں۔

24 گھنٹوں کے دوران مزید 527 ملزمان بجلی چور پکڑے گئے

ایک کروڑ 49 لاکھ سے زائد مالیت کے 3 لاکھ 34 ہزار 725 یونٹس چارج

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مجموعی طور پر 527 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ ترجمان کے مطابق 163 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرا کے 30 ملزمان کو گرفتار کرا دیا گیا۔ پکڑے گئے کنکشنز میں 506 گھریلو، 19 کمرشل، 1 زرعی اور 1 انڈسٹریل کنکشن شامل ہیں۔ ملزمان کو ڈسٹرکٹ جیل کی مد میں 3 لاکھ 34 ہزار 725 یونٹس چارج کیے گئے جن کی مالیت 1 کروڑ 49 لاکھ 11 ہزار 521 روپے بنتی ہے۔

تھانہ شالیمار/ 15 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کا معاملہ

ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کا نوٹس، فوری کارروائی کرنے کا حکم۔



لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) ملزم سکول سے چھٹی کے وقت بچی کو بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ لے گیا اور زیادتی کا نشانہ بنایا۔ ملزم لاڈر مسیح کے خلاف تھانہ شالیمار میں مقدمہ درج مزید تفتیش جاری۔ ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کی ایس ایچ او گجرات تھانہ شالیمار ریحان انور اور پولیس ٹیم کو شاباش۔ عورتوں اور بچوں پر تشدد اور زیادتی کسی صورت برداشت نہ کی جائے گی، عورتوں اور بچوں کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے درندہ صفت لوگ کیفر کردار تک پہنچائے جائیں گے، ایس

لاہور مختلف واقعات میں ہوا کی 2 بیٹیاں جنسی زیادتی کا نشانہ بن گئیں

فردوس مارکیٹ میں نشہ آور چیز کھلا کر خاتون کو زیادتی کا نشانہ بنایا گیا، تین ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مختلف واقعات میں ہوا کی 2 بیٹیاں جنسی زیادتی کا نشانہ بن گئیں۔ گلبرگ کے علاقے فردوس مارکیٹ میں ملزمان نے نشہ آور چیز کھلا کر خاتون (ر) کو مبینہ زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ ملزمان زیادتی کے دوران خاتون کی ویڈیوز بھی بناتے رہے۔ متاثرہ خاتون کے مطابق ویڈیوز وائرل کرنے کی دھمکیاں دیکر ملزمان کے دیگر 2 ساتھیوں نے بھی زیادتی کی۔ گلبرگ پولیس نے خاتون کی درخواست پر 2 نامزد سمیت 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ایس ایچ او گلبرگ تیمور عباس خان نے بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں افضل اور عبدالرحمان شامل ہیں۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے کہا کہ باقی ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ دوسری جانب شالیمار کے علاقہ میں رکشہ ڈرائیور نے 15 سالہ طالبہ کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس کے مطابق 15 سالہ مکان چھوٹی بہن میرب کے ہمراہ سکول گئی، چھٹی کے وقت ہمسائیہ رکشہ لیکر سکول کے باہر پہنچ گیا۔ رکشہ ڈرائیور نے طالبہ کو اسکے باپ کے حادثے کا کہہ کر رکشے میں بٹھایا۔ ملزم چھوٹی بہن کے سامنے مکان کو جنسی زیادتی کا نشانہ بناتا رہا۔ مقدمہ درج کر کے ملزم لاڈر مسیح کو گرفتار کر لیا گیا، متاثرہ طالبہ طبی معائنے کے لئے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

ریلویز پولیس کی ہفتہ وار فلاحی کارردگی کی تفصیل جاری

6 لاکھ روپے سے زائد کا گمشدہ سامان مسافروں کے حوالے، لاہور ڈویژن نمایاں رہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ریلویز پولیس کی آٹھوں ڈویژن ہائے 2 سے 8 دسمبر 2024 تک مسافروں کی خدمت اور دیگر سہولیات مہیا کرتے ہوئے 11 گھر سے بھاگے اور گمشدہ جن میں بچے، بچیاں اور لڑکیاں شامل ہیں کو سلامتی سے انکے ورثاء کے حوالے کیا۔ اسکے علاوہ 66 مسافروں کو انکا قیمتی سامان جسکی مالیت تقریباً 6 لاکھ 60 ہزار روپے بنتی ہے کو بحفاظت اور ایمانداری کے ساتھ انکے حوالے کیا گیا۔ اسی طرح 470 مسافروں جن میں ضعیف العمر اور زخمی شامل ہیں کو وہیل چیئرز اور فرسٹ ایڈ کی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ وار کارروائی میں لاہور ڈویژن فلاحی کارکردگی کے حساب سے نمایاں رہی جس نے گھر سے بھاگے/بھاگی 4 بچوں کو انکے ورثاء کے حوالے کیا۔ لاہور ڈویژن نے 26 مسافروں کو انکا قیمتی سامان جس کی مالیت تقریباً 1 لاکھ 73 ہزار روپے بنتی ہے واپس کیا۔ اسکے علاوہ 20 مسافروں کو وہیل چیئر اور فرسٹ ایڈ کی سہولت فراہم کی گئی۔ اسی تناظر میں راولپنڈی ڈویژن نے 3، لاہور 4، کراچی 1 اور ملتان نے 3 بچوں/بچیوں کو ورثاء کے حوالے کیا۔ مزید گمشدہ سامان کی واپسی اور دیگر امداد کی صورت میں پشاور ڈویژن نے 87، راولپنڈی 123، لاہور 46، ملتان 41، سکھر 31، کوئٹہ 9 اور کراچی ڈویژن نے 199 مسافروں کی معاونت کی۔ اس کے علاوہ راولپنڈی ڈویژن نے 1 لاکھ 61 ہزار اور کراچی ڈویژن نے 1 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا قیمتی گمشدہ سامان مسافروں کے حوالے کیا۔

پنجاب بھر میں 1372 ٹریفک حادثات میں 08 افراد جاں بحق، 1514 زخمی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1372 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 634 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 880 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (79 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 864 ڈرائیور، 81 کم عمر ڈرائیور، 459 مسافر اور 199 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے خاہر ہوتا ہے۔

انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ ریلوے لاہور ڈویژن نے ٹرافی اپنے نام کر لی

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد حنیف گل نے فاتح ٹیم سے ملاقات کی اور جیت پر مبارکباد بھی دی



لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلوے سٹیڈیم لاہور میں انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ کا انعقاد ہوا جس میں لاہور، ملتان سمیت ورکشاپ ڈویژن کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ دلچسپ مقابلوں کے بعد ریلوے لاہور ڈویژن کی ٹیم نے ملتان ڈویژن کو 20 جبکہ ورکشاپ ڈویژن کی ٹیم کو 17 پوائنٹس سے شکست دے کر 3 سال بعد بڑے مارجن سے ٹرافی اپنے نام کی۔ لاہور ڈویژن کے عادل ورک کو شاندار کھیل پر مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد حنیف گل نے فاتح ٹیم سے ملاقات کی اور جیتنے پر مبارکباد بھی دی۔ اس موقع پر انہوں نے کوچز اور پلیئرز سے گفتگو کے دوران کہا کہ ریلوے کبڈی پلیئرز کو نیشنل لیول کی گیمز کیلئے بھی تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ کبڈی دنیا میں پاپولر گیم ہے تاہم ملک اور ادارے کیلئے مین الاقوامی سطح پر بھی نام پیدا کریں۔ ورلڈ چیمپئن پلیئر اپنے مائنڈ سیٹ سے بنتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کا کہنا تھا کہ محدود پر فارمینس کیلئے پلیئرز کو گیم کے ساتھ ساتھ فٹنس پر بھی توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ اس موقع پر ڈویژنل سپورٹس آفیسر غلام فرید اسد، ڈویژنل سگنل اینڈ ٹیلی کام انجینئر محمد ندیم خٹک، ایکسین ہیڈ کوارٹرز چوہدری نعمان، اسسٹنٹ انجینئر یکٹو انجینئر محمد ابراہیم باجوہ کے علاوہ سپورٹس آفیسر ندیم بٹ بھی موجود تھے۔ بعد ازاں کھلاڑیوں نے افسران کے ہمراہ ڈویژنل انجینئر یکٹو انجینئر حاجی محمد سے بھی ملاقات کی۔

پنجاب میں اراضی ٹرانسفر میوٹیشن کو شفاف بنانے کیلئے جدید الیکٹرانک رجسٹریشن اینڈ اسٹیمپ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب نبیل جاوید کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر آئی ٹی طارق قریشی، سیکرٹری ریونیو بورڈ حافظ احمد طارق، ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق اور ڈائریکٹر لیگل عابد بھٹی سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایس ایم بی آر نے بتایا کہ بورڈ آف ریونیو پنجاب کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے آئی ٹی کے 14 منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ ان منصوبوں میں اے آئی ٹی، ای لائبریری ای فوس، آئی ٹی بیس لینڈ مینجمنٹ سسٹم، پلس، ڈیجیٹائزیشن آف ایس اینڈ آر ونگ، لینڈ ایکوزیشن اینڈ مینجمنٹ، لیٹیگیشن اینڈ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم شامل ہیں۔ نبیل جاوید نے بتایا کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے اصلاحات پر بھی کام جاری ہے اور پنجاب میں اراضی ٹرانسفر میوٹیشن کے طریقہ کار کو شفاف بنانے کیلئے جدید الیکٹرانک رجسٹریشن اینڈ اسٹیمپ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے جس کے ذریعے بنک آف پنجاب سے تحریر شدہ اسٹامپ بھیج جاری کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے نقل اسٹامپ بھیج بلا تحریر جاری کئے جاتے تھے جس سے جعلسازی اور دوہری ممکن تھی مگر تحریر شدہ اسٹامپ بھیج سے کرپشن کے غیر قانونی راستے بند ہو جائیں گے۔

ایوان اوقاف میں سمپوزیم بعنوان "مدرسہ رجسٹریشن، ضرورت و اہمیت" کا انعقاد

چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، اکابر علماء، معاصر اسلامی سکالرز سمیت علمی، دینی اور روحانی شخصیات کی شرکت

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری اور چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے ایوان اوقاف لاہور میں "مدرسہ رجسٹریشن ضرورت و اہمیت" کے موضوع پر منعقدہ سمپوزیم میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مدرسہ رجسٹریشن دینی اداروں کے استحکام کا ذریعہ اور مدرسہ ایجوکیشن دینی و علمی روایت کا امین ہے۔ مدرسہ ایجوکیشن کو عصری علوم سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انتہا پسندی کے تدارک کیلئے مدرسہ اور محراب و منبر مستعد ہیں۔ حکومت اسلامی اقدار کی سربلندی پر پوری یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست، دینی طبقات کے ساتھ بہترین تعلقات کار کی حامل ہے۔ دینی مدارس اسلام کے قلعے اور ترویج دین کے مرکز ہیں۔ فلاحی معاشرے کی تشکیل کیلئے صوفیاء کے طرز زیست پر عمل پیرا ہونا لازم ہے۔ مدرسہ ایجوکیشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے سوسائٹی اور ریاست اپنی ذمہ داریاں نبھا رہی ہے۔ دینی مدارس میں تحقیق روایات کو مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سمپوزیم سے مفتی محمد رمضان سیالوی، مولانا آصف اکبر، مولانا مفتی محمد اسحاق ساقی، مفتی محمد کریم خان، مولانا عمران نظامی اور مولانا عمران حنفی سمیت دیگر علماء کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت دینی روایات کے استحکام کیلئے کوشاں اور مدارس کے تقدس کی پاسبان ہے۔ محراب و منبر اور مدرسہ خانقاہ مضبوط اور صحت مند معاشرے کی بنیادیں ہیں، مساجد اور مدرسہ و خانقاہ نے ملت کو ہمیشہ علم و حکمت سے آراستہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں نے دنیا میں ہمیشہ علم کی تقدس ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ اور بنیادی فریضہ ہے۔ وقت کا تقاضہ ہے پورے عالم اسلام کو عالم کفار کی سازشوں کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ مدیر ملحق دینی سفارت یحیی سفیان نے کہا جمعیت اہلحدیث کی ترقی و شعائر اللہ، دین اسلام کی ترویج کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم مستقبل میں جمعیت اہلحدیث و سعودی تعلقات کو آگے بڑھانے میں کردار ادا کریں گے۔ امام العصر علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید عالم اسلام کے نڈر لیڈر تھے وہ عالمی برادری کا اثاثہ تھے۔ پورے عالم عرب کو ان کی دینی، تحریکی، ادبی خدمات پر فخر ہے۔



جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر، علامہ طارق محمود یزدانی، مولانا فضل الرحمن مدنی کی مدیر ملحق دینی سفارت یحیی سفیانی سے ملاقات اور تلوار کا تحفہ پیش کیا

جمعیت اہل حدیث پاکستان کے اعلیٰ سطحی وفد کی ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی قیادت میں مدیر ملحق دینی سفارت یحیی سفیانی سے ملاقات

لاہور (خبر نگار) جمعیت اہل حدیث پاکستان کے اعلیٰ سطحی وفد کی ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی قیادت میں مدیر ملحق دینی سفارت یحیی سفیانی سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان، سعودی عرب تعلقات، غزہ، فلسطین، عالم اسلام کو درپیش چیلنجز اور دینی مدارس کے حوالے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کرنے والوں میں چیئرمین علامہ طارق محمود یزدانی، خیبر پختونخواہ جمعیت کے امیر مولانا فضل الرحمن مدنی شامل۔ وفد نے یحیی سفیانی کو اعزازی تلوار اور دیگر تحائف پیش کیے جمعیت اہلحدیث کے وفد نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد محمد بن سلمان کے لئے خصوصی تہنیتی پیغامات اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر سعودی عرب کا پورے عالم اسلام کے لئے عظیم رہنما کا کردار ہے۔ پاک سعودی تعلقات کو جمعیت اہلحدیث قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ حرمین شریفین کے خلاف ہر قسم کے پروپیگنڈے کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا۔ انہوں نے کہا ہر فورم، محاذ پر پاک سعودی تعلقات کیخلاف سازشیں کرنے والوں کا مقابلہ کریں گے۔ عالم اسلام کو فلسطین، غزہ اور مسلم امہ کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سعودی عرب کا ساتھ دینا چاہئے۔ حرمین شریفین کا

بورڈ آف ریونیو کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے آئی ٹی کے 14 منصوبوں پر کام جاری ہے، نبیل جاوید

پنجاب میں اراضی ٹرانسفر میوٹیشن کو شفاف بنانے کیلئے جدید الیکٹرانک رجسٹریشن اینڈ اسٹیمپ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب نبیل جاوید کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر آئی ٹی طارق قریشی، سیکرٹری ریونیو بورڈ حافظ احمد طارق، ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق اور ڈائریکٹر لیگل عابد بھٹی سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایس ایم بی آر نے بتایا کہ بورڈ آف ریونیو پنجاب کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے آئی ٹی کے 14 منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ ان منصوبوں میں اے آئی ٹی، ای لائبریری ای فوس، آئی ٹی بیس لینڈ مینجمنٹ سسٹم، پلس، ڈیجیٹائزیشن آف ایس اینڈ آر ونگ، لینڈ ایکوزیشن اینڈ مینجمنٹ، لیٹیگیشن اینڈ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم شامل ہیں۔ نبیل جاوید نے بتایا کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے اصلاحات پر بھی کام جاری ہے اور پنجاب میں اراضی ٹرانسفر میوٹیشن کے طریقہ کار کو شفاف بنانے کیلئے جدید الیکٹرانک رجسٹریشن اینڈ اسٹیمپ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے جس کے ذریعے بنک آف پنجاب سے تحریر شدہ اسٹامپ بھیج جاری کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے نقل اسٹامپ بھیج بلا تحریر جاری کئے جاتے تھے جس سے جعلسازی اور دوہری ممکن تھی مگر تحریر شدہ اسٹامپ بھیج سے کرپشن کے غیر قانونی راستے بند ہو جائیں گے۔

چوہدری شافع حسین کا چین کے شہر شنگھائی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ، مختلف شعبوں میں پیداواری عمل کا جائزہ لیا

چیئرمین چینلج گروپ مسٹر ہوانگو یگو، شنگھائی ٹیکسٹائل کے صدر مسٹر یانگ شی بن، چیئرمین زونگ یوآنگ گروپ مسٹر چن زنگفو سے ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے چین کے شہر شنگھائی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے مختلف شعبوں میں پیداواری عمل کا جائزہ لیا۔ چیئرمین چینلج گروپ مسٹر ہوانگو یگو، شنگھائی ٹیکسٹائل کے صدر مسٹر یانگ شی بن، چیئرمین زونگ یوآنگ گروپ مسٹر چن زنگفو اور دیگر سے ملاقات کی۔ پنجاب کے ٹیکسٹائل سیکٹر اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب کے ٹیکسٹائل سیکٹر میں سرمایہ کاری کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں 630 ایکڑ رقبے پر گارمنٹ سٹی بن رہا ہے۔ پنجاب حکومت گارمنٹ سٹی میں صنعتی یونٹس لگانے کیلئے عمارتیں بنا کر لیز پر دے گی۔ پنجاب کے ٹیکسٹائل سیکٹر اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ گارمنٹ سٹی مکمل طور پر سولر انرجی پر ہوگا۔ صوبائی وزیر نے چین کے ٹیکسٹائل گروپ کو گارمنٹ سٹی میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔ چیئرمین چینلج گروپ مسٹر ہوانگو یگو نے کہا کہ ہمارا گروپ پنجاب میں مزید سرمایہ کاری کرے گا۔ ہمارے گروپ کی سالانہ ایکسپورٹ 80 ملین یو ایس ڈالر ہے۔ پنجاب کے گارمنٹ سٹی میں بھی سرمایہ کاری کا جائزہ لیں گے۔



شاہ پور کا خرہ میں ہونے والی "افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کانفرنس" سے سربراہ تحریک لبیک یارسول اللہ ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی خطاب کر رہے ہیں جبکہ اسٹیج پر میاں لطیف مرتضائی، مفتی طارق عزیز سعیدی، صاحبزادہ حامد مصطفیٰ جلالی، مفتی محمد ساغر تبسم فریدی و دیگر بیٹھے ہیں

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ "ختم نبوت" اور "نظام اسلام" کے اولین محافظ اور راز دار نبوت تھے، ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

بعد از انبیاء علی نبینا وعلیہم السلام حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت قطعی اور اجماعی ہے، "افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کانفرنس" سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و تحریک صراط مستقیم کے زیر اہتمام شاہ پور کا خرہ والا ہور میں "افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت صاحبزادہ پیر معاذ المصطفیٰ قادری نے کی جبکہ نظامت کے فرائض مفتی محمد ساغر تبسم صدیقی نے سرانجام دیے۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تحریک لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سربراہ اور تحریک صراط مستقیم کے بانی ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے کہا: حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ "ختم نبوت" اور "نظام اسلام" کے اولین محافظ اور راز دار نبوت تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ازل ہی سے مزاج صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مزاج نبوت کے تابع بنایا تھا۔ بعد از انبیاء علی نبینا وعلیہم السلام حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت قطعی اور اجماعی ہے۔ افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عقیدہ پر قرآن و سنت کے تحفظ کا مدار ہے۔ خلافت بلا فصل ملنے میں حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے درجات بھی منفرد تھے اور امتیازات بھی منفرد ت

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 13 دسمبر 2024ء

نارنگ منڈی: کم عمر رکشہ ڈرائیورز موت بانٹنے لگے طلبا و طالبات کی زندگیاں بھی خطرے میں

اکثر حادثات کا شکار ہو رہے ہیں گزشتہ روز کم عمر رکشہ ڈرائیور کی وجہ سے رکشہ الٹ گیا جس کے نتیجے میں رکشہ میں بیٹھی متعدد طالبات زخمی ہوگئیں، اہل علاقہ کا انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کم عمر رکشہ ڈرائیورز موت بانٹنے لگے حادثات میں اضافہ انتظامیہ خاموش تماشائی تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں کم عمر رکشہ ڈرائیورز کی بھرمار ہے اور اکثر حادثات کا شکار ہو رہے ہیں گزشتہ روز کم عمر رکشہ ڈرائیور کی وجہ سے رکشہ الٹ گیا جس کے نتیجے میں رکشہ میں بیٹھی متعدد طالبات زخمی ہوگئیں بتایا گیا ہے کہ نوعمر بچے شہر سے مختلف دیہات کے درمیان رکشے چلاتے ہیں جو حادثات کا باعث بن رہے ہیں ایسا لگتا ہے انتظامیہ نے انہیں موت بانٹنے کے لائسنس دے رکھے ہیں جو ان کے خلاف کوئی بھی کارروائی نہیں کی جا رہی اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کم عمر اور غیر لائسنس یافتہ رکشہ اور دیگر ٹرانسپورٹ چلانے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے تاکہ قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔

وزیرآباد: نجی کالج میں پرنسپل رضوان انور اور وائس پرنسپل کے زیر اہتمام کلچر ڈے کا اہتمام

وزیرآباد (نامہ نگار) نجی کالج میں زیر نگرانی پرنسپل رضوان انور اور وائس پیٹرین سلمان نسیم قاضی کلچر ڈے کا اہتمام کیا گیا، جس میں طلباء وطالبات نے پنجاب سندھ سمیت تمام صوبوں کی ثقافت کا بہترین عکس نمونہ پیش کیا مختلف روایتی کھانے سروں کا ساگ سندھی بریانی ملائی بوٹی کی اسپیشل ڈشوں کو کافی سراہا گیا تقریب میں بچیوں کے درمیان مختلف صحت مندانہ مقابلے بھی کروائے گئے جن میں سر فہرست میوزیکل چیئر اور غبارے پھولانا بھی شامل تھا خوبصورت رنگا رنگ تقریب کے اختتام پر جتنے والی ٹیموں کو نقد انعامات سے بھی نوازا گیا۔ رضوان انور نے کہا کہ نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں سے طلباء میں چھپی صلاحیتیں اجاگر کی جاسکتی ہیں۔

خواجہ محمد آصف کی کاوشوں سے یورپ کیلئے پی آئی اے پروازیں بحال ہوئی ہیں

وفاقی وزیرِ دفاع وسول ایوی ایشن کو طاہر مجید کپور کیجانب سے مبارکباد



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور سابقہ صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کیجانب وفاقی وزیر دفاع وشہری ہوابازی خواجہ محمد آصف کو مبارکباد دی گئی۔ اپنے میڈیا بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر دفاع و شہری ہوابازی خواجہ محمد آصف کی کاوشیں رنگ لے آئیں یورپ میں پی آئی اے کی پروازوں پر پابندی ختم ہوگئی ہے۔ پوری ایویشن کمیونٹی ایسوسی ایشن نے پی آئی اے اور ایئر بلیو کو تھرڈ کنٹری آپریٹر اتھارائزیشن بھی جاری کردی گئیں۔ ثبوت پاکستان وزیر دفاع وشہری ہوابازی خواجہ محمد آصف نے قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ تاریخی دن ہے پاکستان کی سرکاری کے ساتھ ایک اور پرائیویٹ ایئر لائن بھی یورپ تک پروازیں چلائے گی۔ خواجہ محمد آصف کی قومی سطح پر انتھک وبے لاگ عملی کاوشوں سے نہ صرف ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ بلکہ سب سے بڑھ کر وطن عزیز کو دنیا بھر میں پزیرائی مل رہی ہے اور ہمیں بطور سیالکوٹی اپنے لیڈر پر فخر ہے۔ اس موقع پر پیٹرین لائن کلب انٹرنیشنل طاہر مجید کپور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ہمراہ سابقہ ڈسٹرکٹ گورنر فیضان مجید کپور، سابقہ ڈسٹرکٹ گورنر شفقت چوہدری، سابقہ ڈسٹرکٹ گورنر عاشق علی باجوہ اور سابقہ صدر سیالکوٹ ٹیکس بار آفتاب حسین ناگرہ، ڈپٹی چیف وارڈ نز سول ڈیفنس سیالکوٹ شملی شیراز محمد ابراہیم، ڈاکٹر امجد خان، ملک وحید، ڈویژن وارڈ نز محمد اسلام میر، حدید احمد پٹ، گروپ وارڈ نز لالہ زاہد میاں مبشر فیصل عمران، سرفراز شیخ نوید ودیگر ایگزیکٹوز نے بھی وفاقی وزیر دفاع کو مبارکباد پیش کی۔

شہری ڈی پی او آفس کی کارکردگی پر خوش اور نہایت مطمئن ہیں، سید اظہر عباس گیلانی

شہریوں کے مسائل کے حل اور ان کی شکایات کے ازالہ کیلئے تمام محکمے فعال ہیں، ایڈمن آفیسر ڈپٹی کمشنر آفس کی گفتگو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر آفس کے ایڈمن آفیسر سید اظہر عباس گیلانی نے کہا ہے کہ شہریوں کے مسائل کے حل اور ان کی شکایات کے ازالہ کیلئے تمام محکمے فعال ہیں جن میں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی ہدایات کی روشنی میں محکمانہ امور باخوبی انجام دیئے جارہے ہیں سرکاری افسران و ملازمین کو مانیٹرنگ کیلئے خود ڈپٹی کمشنر محکمہ کا سرپرائز وزٹ کرنا معمول بنائے ہوئے ہیں اور کچہریوں کے تحت بھی محکموں کی کارکردگی کا احاطہ کیا جارہا ہے تاکہ شہریوں کی فوری دادرسی یقینی بنا کر ان کا ضلعی انتظامی پر اعتماد مزید مضبوط کیا جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، سید اظہر عباس گیلانی نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر آفس کی تمام برانچز میں عملہ مستعدی سے امور ذمہ داری سرانجام دے رہا ہے یہی وجہ ہے کہ شہری ڈی پی او آفس کی کارکردگی پر خوش اور نہایت مطمئن ہیں جو یقینا ہمارے لئے بڑا حوصلہ افزا امر ہے ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ شہریوں کے اعتماد کو کسی طرح کی ٹھیس نہ پہنچے، انہوں نے کہا کہ ڈومیسائل برانچ شہریوں کی سہولت کیلئے تمام امور ڈیجیٹلائز کر دیئے گئے ہیں جس سے کوائف کی جانچ و دیگر امور کو جلد نمٹانے میں بڑی مدد مل رہی ہے 24 گھنٹوں میں ڈومیسائل کا اجراء یقینی بنایا جارہا ہے شہری بغیر کسی تاخیر کے ڈومیسائل باآسانی حاصل کرسکتے ہیں۔

سپورٹس سٹی سیالکوٹ کی کوالٹی پراڈکٹس دنیا استعمال کر رہی ہے، حسن وسیم

ڈبلیو بی بیٹ و سپورٹس گڈز دنیا بھر میں ایکسپورٹ کر رہے ہیں، محمد خالد وسیم



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ دنیا بھر میں اپنی اعلیٰ معیار کی حامل زبردست کوالٹی پراڈکٹس کیوجہ سے مشہور ہے اور بلاشبہ سپورٹس گڈز میں سیالکوٹ کا کوئی ثانی نہیں ان باتوں کا اظہار معروف زمانہ کرکٹ بیٹ بنانے والی ڈبلیو بی انڈسٹری کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر حسن علی وسیم چیئرمین پنجاب کوآپریٹو یونین نے چیف ایگزیکٹو آفیسر مایہ ناز بزنس ٹائیکون محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ ڈبلیو بی سپورٹس نے قلیل وقت میں اپنی بہترین کوالٹی پراڈکٹس و سپورٹس گڈز کی ایکسپورٹ میں نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ بلاشبہ آج دنیا بھر کی منڈیوں میں مقابلہ کی جو فضا ہے اس میں وہی مصنوعات ایکسپورٹ ہوتی ہیں جو معیاری ہونے کے ساتھ ریٹس میں مناسب کوالٹی میں اعلیٰ ہوں ہم نے کوالٹی پالیسی پر کبھی کمپرومائز کیا نہ ہی کریں گے یہی وجہ ہے کہ مشہور زمانہ ڈبلیو بی سپورٹس پراڈکٹس کی ایکسپورٹ گزشتہ سالوں کے مقابلے میں امسال بہترین رہی جس کا سہرا تمام مینجمنٹ کے سر جاتا ہے۔

جرائم ختم کرنا میری اولین ترجیح ہے، امتیاز شاہد

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) تھانہ صدر دیپالپور کی چوکی سکھ پور میں نئے تعینات ہونے والے انچارج اسسٹنٹ انسپیکٹر امتیاز شاہد کی زاہد عمران جنجوعہ کی ملاقات امتیاز شاہد گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم ختم کرنا میری اولین ترجیح ہے منشیات فروشی ڈکیتی چوری اور مویشی چوری کے خاتمے کے لئے دن رات کام کروں گا ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ انسپیکٹر امتیاز شاہد زاہد عمران جنجوعہ سے کہا صحافیوں اور پولیس کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے ہم صحافی برادری

ڈپٹی کمشنر کا گورنمنٹ انسٹیٹیوٹ فار سلولر لرنرز سپیشل ایجوکیشن سنٹر سیٹلائٹ ٹاؤن کا وزٹ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ انسٹیٹیوٹ فار سلولر لرنرز سپیشل ایجوکیشن سنٹر سیٹلائٹ ٹاؤن کا وزٹ کیا اور سٹاف کی حاضری سمیت دیگر انتظامات وسہولیات کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے سپیشل بچوں سے انکی پڑھائی کے حوالے سے بھی دریافت کیا، انچارج سنٹر کو تمام تر سہولیات کی فراہمی بارے ہدایات جاری کیں، بعد ازاں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ اسلامیہ کالج گراؤنڈ کا دورہ کیا، ایڈمنسٹریٹر طلحہ سعید، سی او ایم سی بھی ہمراہ تھے، ڈپٹی کمشنر نے بہترین گراؤنڈ بنوانے پر ایڈمنسٹریٹر کی کاوشوں کو سراہا، چاروں اطراف بھرپور شجرکاری کی ہدایت کی۔

شہریوں کو انٹرسٹی جدید ٹرانسپورٹ سروس فراہم کی جائیگی، سید نوید حیدر شیرازی

جی ٹی روڈ گوجرانوالہ کی مرکزی شاہراہ ہے اس روڈ کو سگنل فری بنانے اور چند اقلعہ کے مقام پر فلائی اوور کے منصوبوں پر کام شروع ہو چکا ہے، کمشنر گوجرانوالہ کا اجلاس سے خطاب



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ میں شہریوں کو پبلک ٹرانسپورٹ کی جدید اور معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع سروے کا فیصلہ، اربن یونٹ اور ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ سفارشات مرتب کرے گا، سیالکوٹ اور گجرات میں بھی شہریوں کو انٹرسٹی جدید ٹرانسپورٹ سروس فراہم کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال، ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک، ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ افسران بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ کی مرکزی شاہراہ ہے اس روڈ کو سگنل فری بنانے اور چند اقلعہ کے مقام پر فلائی اوور کے منصوبوں پر کام شروع ہو چکا ہے۔ کمشنر نے کہا کہ گوجرانوالہ کے چاروں اطراف نئی ہاؤسنگ کالونیوں کے قیام سے آبادی بڑی تعداد میں وہاں منتقل ہوئی ہے ٹرانسپورٹ کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے اس امر کو بھی مدنظر رکھا جائے گا کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ جامع سروے کر کے اپنی سفارشات مرتب کرے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ سیالکوٹ، گجرات کا بھی بڑے شہروں میں شمار ہوتا ہے ان شہروں میں بھی روایتی نظام ٹرانسپورٹ سے جدید ٹرانسپورٹ سسٹم پر منتقل کرنے کے لیے اقدامات کئے جائیں گے۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ حکومت پنجاب صوبے میں 1 ہزار ماحول دوست الیکٹرک بسیں چلانے کے لیے منصوبہ بندی مکمل کر چکی ہے، نئی ماحول دوست بسوں کو الیکٹرو بسوں کا نام دیا گیا ہے، حکومت پنجاب نے 500 بسوں کا فلیٹ خریدا رہی ہے، ورلڈ بنک کے تعاون سے بھی 500 بسیں خریدی جائیں گے، اس فلیٹ میں سے گوجرانوالہ میں بھی بسیں دی جائیں گی۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے بتایا کہ حکومت پنجاب جلد ٹرانسپورٹ کارڈ متعارف کرانے کا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سروے کی روشنی میں فیصلہ کیا جائے گا کہ گوجرانوالہ میں کس نوعیت کی ٹرانسپورٹ سروس فراہم کی جائے گی۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے کہا کہ اس وقت ڈپٹی کمشنر زریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے چیئرمین ہیں وہ اپنے اضلاع میں ٹرانسپورٹ قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے مکمل بااختیار ہیں، یقینی بنایا جائے کہ روڈز پر مکمل فٹ گاڑیاں چلیں، مقرر کردہ کرایہ نامہ پر عملدرآمد ہو۔ قبل ازیں ٹرانسپورٹ ماہرین اور کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران نے بریفنگ دی۔

خاوند کا بھائی کے ساتھ ملکر بیوی پر چھریوں سے وار، بیوی کو زخمی اور نیم برہنہ کر دیا

گھریلو ناروا رویہ سے تنگ آکر فرزانہ اپنے خاوند کے ساتھ علیحدہ رہائش پزیر تھی، مضروب فرزانہ کی اعلیٰ حکام سے ایکشن کی اپیل



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ کے تھانہ پھوکلیان کے علاقہ برہمتیال میں خاوند کا بھائی کے ساتھ ملکر بیوی پر چھریوں سے وار۔ خاوند نے اپنے بھائی کیساتھ مل کر دوران تشدد بیوی کو زخمی ونیم برہنہ کردیا۔ مضروب فرزانہ کی اعلیٰ حکام سے ایکشن کی اپیل۔ سنیئر جرنلسٹ محمد اسلم نوشاہی کی مصدقہ تفصیل کے مطابق بجوات کے علاقہ برہمتیال میں سسرالیوں کے ناروا رویہ سے تنگ آکر فرزانہ اپنے خاوند مقصود کے ساتھ علیحدہ رہائش پذیر تھی۔ سسرالی آئے روز بہانہ بنا کر تشدد کردیتے تھے گھریلو ناروا رویہ سے تنگ آکر فرزانہ اپنے خاوند کے ساتھ علیحدہ رہائش پزیر تھی خاوند کی عدم موجودگی میں دیور نے فرزانہ کے گھر داخل ہو کر تشدد کیا۔ خاوند مقصود گھر داخل ہوا بجائے بھائی کی سرزنش کرتا الٹا خون نے جوش مارا اور بھائی کے ساتھ مل گیا دونوں بھائی مل کر فرزانہ پر تشدد کرتے رہے۔۔ خاوند مقصود نے چھری کے وار سے بیوی کو مزید مصروب کردیا فرزانہ بی بی کا واویلا وشور شرابہ سن کر اہلیان دیہہ نے جان بخشی کرائی۔ متاثرہ زخمی حالت میں اسپتال پہنچ گئی متاثرہ نے ایس ایچ او۔ ڈی پی او و آر پی او سے مدد اور انصاف کی اپیل کی ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ کے نارنگ منڈی میں چھاپے

حفظان صحت کے اصولوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر جرمانے کیے گئے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پنجاب فوڈز اتھارٹی ضلع شیخوپورہ کے نارنگ منڈی میں چھاپے حفظان صحت کے اصولوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر جرمانے کیے گئے صفائی ستھرائی لائسنسز اور زائد المیعاد اشیاء کا جائزہ لیا گیا تفصیل کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن پنجاب فوڈز اتھارٹی شیخوپورہ غلام صابر کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی آفیسر میڈم قرۃ العین نے ٹیم کے ہمراہ نارنگ منڈی میں چھاپے مارے اشیاء کی ایکسپائری تاریخ اور لائسنسز کو چیک کیا گیا صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف دوکانداروں کو بھاری جرمانے کرتے ہوئے آئندہ کیلئے وارننگ دی گئی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے گا انسانی صحت سے کھلواڑ کرنے کی اجازت کسی کو نہیں ہے خصوصاً فوڈ پوائنٹس صفائی ستھرائی کو یقینی بنائیں اور کھانے پینے کی اشیاء میں صحت بخش اجزاء کا استعمال کریں۔

ڈی ایس پی سٹی ٹریفک مدثر خان کی زیر قیادت سیالکوٹ میں انکروچمنٹ آپریشن

تجاوزات کیخلاف سرگرم عمل ہیں۔ میونسپل آفیسر اعجاز ملک



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پنجاب گورنمنٹ کے حکم پر سیالکوٹ ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر سیالکوٹ کے طول وارض میں ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کیلئے دو ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں جن کو ڈی پی او سیالکوٹ کی زیر نگرانی ڈی ایس پی سٹی ٹریفک سیالکوٹ مدثر خان، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد اعجاز ملک لیڈ کررہے ہیں۔ مرکزی ٹیم کو انچارج انکروچمنٹ سیل میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ مستنصر بلوخان جبکہ دوسری اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کو انچارج انکروچمنٹ وقاص بٹ معہ عملہ انکروچمنٹ ہائی کمان کی سپرویژن میں لیڈ کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ دو روز سے سیالکوٹ کے مختلف بازاروں اور چوکوں میں ناجائز تجاوزات کیخلاف زبردست کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پختہ و عارضی ناجائز تجاوزات کیخلاف لفٹر و ہیوی مشینری کے استعمال سے

طاہر مجید کپور کی اپنے والنٹیئر کیلئے ہر ممکن امداد کی یقین دہانی

چیف وارڈن سول ڈیفنس

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پوسٹ وارڈن سول ڈیفنس ڈی گروپ محمد عاصم کو سیریس حالت میں جنرل ہسپتال لاہور ریفر کر دیا گیا جہاں اسکی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد کیجانب سے عاصم بارے اطلاع ملنے پر اپنے والنٹیرز کی انتہائی انسان دوست شخصیت چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے فوری محمد عاصم کے اہلیجانہ کیساتھ رابطہ کر کے انکو ہر ممکن ہر قسم کی امداد کی یقینی دہانی کرائی اور علاج معالجہ کے سلسلہ میں مدد کررہے ہیں۔ سوک ڈیفنس سیالکوٹ کیجانب سے احباب سے انکی صحت تندرستی کیلئے دعائی اپیل ہے۔ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے چیف وارڈن طاہر مجید کپور صاحب نے عاصم کی صحتیابی کیلئے دعائی اور باضابطہ طور پر اپنے تمام وسائل کیساتھ اپنے پوسٹ وارڈن محمد عاصم کی ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی ہے۔

مصطفیٰ آباد: پریس کلب مصطفیٰ آباد کا اجلاس، سنیئر صحافی پر تشدد کی مذمت

پولیس اہلکاروں کے تشدد کرنے، موبائل چھیننے اور بدتمیزی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت

مصطفیٰ آباد/لیاقانی (نمائندہ خصوصی) پریس کلب مصطفیٰ آباد کا اجلاس، سنیئر صحافی پر تشدد کی مذمت، ہنگامی ومذمتی اجلاس میں تمیج اللہ جٹ کو تشدد کا نشانے بنانے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفیٰ آباد لیاقانی رجسٹرڈ، پاکستان میڈیا کونسل، یونین آف جرنلسٹ، الیکٹرونک میڈیا مصطفیٰ آباد کا مشترکہ ہنگامی ومذمت اجلاس صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد لیاقانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں سنیئر صحافی چوہدری تمیج اللہ جٹ پر دوران کوریج تشدد کا نشانہ بنانے والے پولیس اہلکاروں پر مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا گیا، پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد نے سنیئر صحافی چوہدری تمیج اللہ جٹ کا موبائل چھین کر اسے تشدد کا نشانہ بنایا اور اسے تھانہ مصطفیٰ آباد میں لا کر بدتمیزی کر کے ناروا سلوک کیا گیا، پولیس اہلکاروں کے تشدد کرنے، موبائل چھیننے اور بدتمیزی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی، اجلاس میں جنرل سیکرٹری سہیل قمر سندھو، سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، چیئرمین عمر حیات میو، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سنیئر نائب صدر مہر علی مہران، محمد الملک کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ، مہر عبدالقیوم چیئرمین یونین آف جرنلسٹ، سیٹھ محمد حسین الیکٹرونک میڈیا، رانا توقیر احمد چیئرمین الیکٹرونک میڈیا، زرار علی خاں، ارشد علی شامی، شاہد عمر، محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، مہر مراد علی ایڈووکیٹ، ناصر سندھو، چوہدری اشتیاق، جمشید رشید میو، محمد جمیل رحمانی، ارشد علی جوئیہ، حافظ محمد طاہر اقبال، حاجی عبدالقادر، آصف امین، عمر شاہین، مہر صداقت علی، عادل نعمان مہر، ظہیر حسین ودیگر صحافیوں کی بڑی تعداد نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب سے فوری نوٹس لیتے ہوئے ملوث اہلکاروں کو معطل کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

ہرسال کی طرح اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد بدعنوانی (UNCAC) کی منظوری کی سالگرہ کو یاد رکھنا ہے، محمد عمران



سرگودھا (عبدالمنان چودری سے) عالمی یوم انسداد بدعنوانی کہ عالمی دن کے حوالے سے سرگودھا میں پریس بریفنگ اور سیمینار کا انعقاد کیا گیا اس جس کا مقصد ہر سال کی طرح اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد بدعنوانی (UNCAC) کی منظوری کی سالگرہ کو یاد رکھنا ہے۔ پروگرام کے کنوینر محمد عمران نے پریس بریفنگ دیتے ہوئے بتایا اس سال کا موضوع نوجوانوں کے ساتھ بدعنوانی کے خلاف اتحاد: مستقبل کی دیانت کی تشکیل ہے، جو بدعنوانی کے خاتمے اور دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کے اہم کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ دن بدعنوانی کو ترقی، جمہوریت اور اچھی حکمرانی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ کے طور پر تسلیم کرنے کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ پاکستان سمیت 190 ممالک UNCAC کے تحت بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات پر متفق ہیں۔ پاکستان میں بدعنوانی کے خلاف جدوجہد کو چیلنجز کے ساتھ حالیہ بہتری بھی ملی ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے کرپشن پرسیپشن انڈیکس (CPI) کے مطابق، پاکستان کی درجہ بندی 2022 میں 140 ویں سے بہتر ہو کر 2023 میں 133 ویں ہوگئی، اور سی پی آئی اسکور 27 سے بڑھ کر 29 ہوگیا۔ جنوبی ایشیاء کے دیگر ممالک کے مقابلے میں، بھارت 85 ویں نمبر پر 39 کے اسکور کے ساتھ، افغانستان 172 ویں نمبر پر 16 کے اسکور کے ساتھ، نیپال 107 ویں نمبر پر 36 کے اسکور کے ساتھ، اور بھوٹان 45 ویں نمبر پر 62 کے اسکور کے ساتھ موجود ہیں۔ سی پی آئی ماہرین اور کاروباری شخصیات کی جانب سے عوامی شعبے میں بدعنوانی کی بنیاد پر مختلف آزاد ذرائع سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اس کا اسکور صفر (زیادہ بدعنوان) سے 100 (انتہائی صاف) تک ہوتا ہے۔ پاکستان میں بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات کے لیے مختلف قوانین نافذ کیے گئے ہیں جن میں 1947 کا انسداد بدعنوانی ایکٹ اور قومی احتساب آرڈیننس (NAO) شامل ہیں۔

شہری فیلڈ ٹیموں سے مکمل تعاون شامل حال رکھیں، میاں سہیل اکرم

گیس چوری کا ارتکاب کرنے والوں کی فوری اطلاع دی جائے، جنرل منیجر سوئی ناردرن گیس

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سوئی ناردرن گیس کے جنرل منیجر میاں سہیل اکرم نے کہا ہے کہ سوئی گیس چوری کی روک تھام کیلئے شہری فیلڈ ٹیموں سے مکمل تعاون شامل حال رکھیں اس جرم کے سدباب کیلئے محکمانہ کاروائیوں کے ساتھ ساتھ عوام کا کردار بھی کلیدی ہے گیس چوری کا ارتکاب کرنے والوں کی فوری اطلاع دی جائے تاکہ جلد کاروائی عمل میں لا کر گیس چوروں کی حوصلہ شکنی یقینی بنائی جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، جی ایم سوئی ناردرن گیس میاں سہیل اکرم نے کہا کہ رواں سال میں متعدد گیس چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے اور گیس چوری کے آلات ضبط کرنے سمیت انہیں بھاری جرمانے عائد کئے ہیں اور بعض کے خلاف مقدمات بھی درج کروائے گئے ہیں تاکہ یہ آسندہ اس جرم کے ارتکاب کی جرات نہ کرسکیں اور دوسروں کو بھی انکے خلاف ہونے والی کڑی کاروائی سے عبرت حاصل ہو، انہوں نے کہا کہ صارفین کو درپیش مسائل کے حل کیلئے آفس کے افسران عملہ ہمہ وقت مستعد ہے اور تمام تر اختلافات و توانائیاں صارفین کو سہولیات کی فراہمی کی خاطر صرف کررہا ہے۔

چوآسیدن شاہ: قومی انسداد پولیو مہم مورخہ 16 دسمبر سے شروع ہوگی

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) تمام لوگوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ پورے پنجاب اور پورے ملک کی طرح آپکی تحصیل چوآسیدن شاہ میں بھی قومی انسداد پولیو مہم مورخہ 16 دسمبر سے شروع ہورہی ہے۔ جو کہ 20 دسمبر تک جاری رہے گی۔ جس میں 5 سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جارہے ہیں۔ پولیو کی ٹیمیں آپ کے گھروں میں بھی تشریف لائیں گی۔ پولیو کے ٹیم اڈے بازاروں ہیلتھ سینٹر پر بھی موجود ہوں گی آپ سے گزارش ہے کہ پولیو کی ٹیموں سے تعاون کریں اور بچوں کو ویکسین پلا کر زمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ چوآسیدن شاہ سپروائزر اور ایریا انچارج میں سٹاف میں ڈاکٹر احسن محمود عنصر محمود ارسلان صنیف ہارون ملک حافظ دانش فردوس محمد تلقین اعجاز محمد مدثر میں شامل۔

حافظ آباد: صفائی ستھرائی ٹھیکہ نجی کمپنی کے حوالے، شہری رل گئے، جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر

حافظ آباد (رانا آصف) حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کو دیتے ہی شہری رل گئے۔ گلی محلے خاکروبوں سے محروم کردیئے گئے جبکہ جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں سے تعفن پھوٹنے لگا۔ نجی کمپنی کے ورکرز اور اہلکار ناتجربہ کاری کی وجہ سے شہر سے غائب دیکھائی دینے لگے۔ جس سے شہریوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہونے لگا۔ نجی کمپنی اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے وزیر اعلیٰ کے صاف ستھرا پروگرام کو ٹھس کردیا۔ شہریوں نے اس پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ نجی کمپنی کے پاس نہ تو مطلوبہ سینٹری ورکرز ہیں اور نہ ہی صفائی کا کوئی جامع پروگرام بلکہ جو سپروائزر صفائی پر متعین ہیں وہ دیگر اضلاع سے ہونے کے باعث شہر کے اکثر علاقوں سے شناسائی ہی نہیں رکھتے جس سے شہری سارا دن کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں کو اٹھانے کے لئے کلپتے رہتے ہیں لیکن انکے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ انہوں نے کہا کہ شہر بھر میں وزیر اعلیٰ کے ستھرا پنجاب پروگرام کا جوحشر کیا گیا ہے اس پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور کمشنر گوجرانوالہ کو یہاں آکر آنسو بہانے چاہئیں

ختم قل شریف

پاک پتن (نمائندہ خصوصی) سکندر چوک کا نواہی گاؤں چک نمبر 60 ڈی ملک گلزار احمد۔ ملک اقبال پنجاب پٹرولنگ پولیس والے اور ملک ذوالفقار علی کھوکھر کی والدہ ماجدہ جو کہ وفات پاگئی تھیں ان کا قل خانی کا ختم شریف کے لیے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے محفل میلاد پاک کا اہتمام کیا گیا جس میں ہر مکتبہ فکر سیاسی وسماجی وکلا اور صافتی برادری نے شرکت کی مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی گئی اور لنگر کا بھی وسیع انتظام کیا گیا

پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن

پولیس نے بدنام زمانہ منشیات فروش اظہار شاہ کو گرفتار کرلیا، ایک کلو چرس برآمد کرلی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈی پی او نارووال کی سربراہی میں نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی شکرگڑھ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ کوٹ نیناں نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں بدنام زمانہ منشیات فروش اظہار شاہ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 300 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ ناجائز اسلحہ ہولڈر ساجد کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی شکرگڑھ نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں منشیات فروش عرفان کو گرفتار کر ک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آٹھ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر نظر ثانی کی منظوری

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس نے وزارت توانائی و پاور ڈویژن کی سفارش پر بگاس سے چلنے والے 8 انڈیپنڈنٹ پاور پلانٹس کے ساتھ سٹلمنٹ معاہدوں کی منظوری دے دی۔ ان معاہدوں کے بعد عام صارفین کیلئے بجلی کی قیمت کم اور قومی خزانہ کو 238 ارب روپے کا فائدہ ہوگا۔ مذکورہ پاور پلانٹس میں جے ڈی ڈبلیو یونٹ ا، یونٹ ۱۱ آر وائے کے ملز، چنیوٹ پاور، حمزہ شوگر، المعیز انڈسٹریز، تھل انڈسٹریز اور چنار انڈسٹری شامل ہیں۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا حکومت عام آدمی کے لئے بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ہمارے ہر فیصلے اور اقدام میں قومی مفاد مقدم رہنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں نجی شعبے اور صنعتوں کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

حکومتی اعداد و شمار کے مطابق ملک میں اس وقت 101 آئی پی پیز کام کر رہی ہیں جن میں فرنس آئل پر چلنے والے کارخانوں کی تعداد 15، گیس اور آر ایل این جی پر چلنے والے پاور پلانٹس کی تعداد 19، پانی سے بجلی بنانے والی آئی پی پیز کی تعداد چار، درآمدی کوئلے پر چلنے والے پلانٹس کی تعداد تین، تھر کے کوئلے پر چلنے والے پلانٹس کی تعداد پانچ اور بگاس پر چلنے والے پاور پلانٹس کی تعداد آٹھ ہے۔ جبکہ سورج کی روشنی سے بجلی بنانے والے پلانٹس کی تعداد 10 اور ہوا سے بجلی بنانے والے پلانٹس کی تعداد 36 ہے۔

حکومت کی طرف سے پہلے ہی پانچ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم کئے جا چکے ہیں۔ جن پانچ بجلی بنانے والی کمپنیوں کے ساتھ معاہدے ختم ہونے کا اعلان کیا گیا تھا ان میں حبکو پاور کمپنی، لائل پور پاور کمپنی، روش پاور، صبا پاور پلانٹ اور اٹلس پاور پلانٹ شامل ہیں۔ ان پانچ پاور پلانٹس کی بجلی کی مجموعی پیداواری صلاحیت 2400 میگاواٹ تھی۔ سرکاری حکام کے مطابق ان کمپنیوں سے معاہدوں کے خاتمے کے بعد ان پاور پلانٹس کو کیپسٹی پیمنٹ کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ اب مزید آٹھ نجی پاور کمپنیوں کے ساتھ سٹلمنٹ ہوئی ہے۔ باقی 88 آئی پی پیز بچ گئی ہیں جن کو پرانے معاہدوں پر کیپسٹی پیمنٹ کی جا رہی ہے۔ ان آئی پی پیز میں حکومتی آئی پی پیز بھی شامل ہیں جن میں پانی اور نیوکلیئر ذرائع سے بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس بھی شامل ہیں۔ یہ سستی ترین بجلی کی پیداوار کے ذرائع ہیں مگر ان سے بھی سستی بجلی سورج کی روشنی (سولر) اور ہوا (ونڈ) سے حاصل کی جاتی ہے۔

پاکستان میں بجلی کی کمی ہمیشہ سے بہت بڑا مسئلہ رہا ہے۔ اس سے بھی بڑا اور سنگین مسئلہ اب اس کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کا ہے۔ قیمتوں میں اضافے کی بات ہوتی ہے تو فوری طور پر آئی پی پیز اور ان کی کیپسٹی پیمنٹ کی طرف اشارہ کر دیا جاتا ہے: کیپسٹی پیمنٹ سے مراد وہ ادائیگی ہے جو ہر ماہ صارف کی جانب سے بجلی بنانے والی کمپنی کو اس کی بجلی کی صلاحیت کو برقرار رکھنے کے لیے کی جاتی ہے جو صارفین کی جانب سے بجلی کی اضافی ڈیمانڈ کی صورت میں مہیا کی جا سکے لیکن جب کوئی پلانٹ اپنی پوری صلاحیت پر اس لیے بجلی پیدا نہیں کرتا کہ ملک میں اس کی ضرورت نہیں ہوتی، ایسے وقت میں ان پاور پلانٹس کو فعال رکھنے کے لیے کیپسٹی پیمنٹ کی جاتی ہے۔ جب معاہدے ہوئے تھے تو ان پلانٹس نے جو رقم خرچ کی اس کی واپسی ادائیگی کے 'ٹیک اینڈ پے' کے معاہدے کیے گئے تھے کہ بجلی خریدنے یا نہ خریدنے کی صورت میں ادائیگی کرنی ہوگی جو کیپسٹی پیمنٹ ہوتی ہے تاہم اب جن کمپنیز کے ساتھ معاہدوں پر نظر ثانی ہو رہی ہے اس کے بعد 'ٹیک اینڈ پے' یعنی بجلی خریدو اور ادائیگی کرو والی صورتحال ہوگی۔ معاہدوں سے عام صارفین کے لیئے بجلی کے نرخوں میں کمی ہوگی اور خزانے کو 238 ارب روپے کا فائدہ ہوگا۔

نیپرا کی طرف سے کہا گیا ہے کہ ایک سال میں بجلی کمپنیوں نے قومی خزانے کو 661 ارب روپے کا نقصان پہنچایا۔ ان اعداد و شمار کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام نجی پاور کمپنیوں سے مستقل خلاصی پانے کی کوشش کی ضرورت ہے۔ یہ کمپنیاں قومی معیشت کے لیئے آکاس بیل ہیں۔ بجلی کے نرخوں میں ناقابل برداشت اضافہ بھی انہی کمپنیوں کو بغیر پیداوار کے اربوں روپے سالانہ ادا کرنے کے باعث ہوا ہے۔ بجلی کی پیداوار کے دوسرے سستے ذرائع بروئے کار لائے جا سکتے ہیں۔

کچھ کمپنیز کی طرف سے رضاکارانہ طور پر بجلی کے نرخ کم کرنے کے ساتھ ساتھ کیپسٹی پیمنٹ وصول نہ کرنے پر بھی آمادگی ظاہر کی گئی ہے۔ ان کے ساتھ بلا تاخیر معاہدوں پر نظر ثانی کر لی جانی چاہیئے۔ جس کو بنیاد بناتے ہوئے باقی آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ سب سے پہلے تو حکومتی آئی پی پیز کیساتھ متعلقہ اداروں کو نظر ثانی کے معاہدے کرنے چاہئیں۔ حکومت اگر تمام آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا امکان ہے۔ اس کے بعد بھی بجلی کے نرخوں میں مزید کمی کے لئے ایسے ذرائع پر انحصار کرنا ہوگا جن سے بہت ہی کم لاگت پر بجلی پیدا ہو سکتی ہے۔ ان میں ایک ہائیڈل منصوبہ ہے۔ پانی سے بننے والی بجلی آج بھی دو ڈھائی روپے فی یونٹ میں پڑ رہی ہے۔ سولر اس سے بھی سستا ذریعہ ہے۔ ایک دفعہ اس پر اخراجات آتے ہیں اس کے بعد ہمیشہ کے لیے بغیر کسی خرچ کے بجلی پیدا ہوتی رہتی ہے۔ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی سطح پر سولر پینل لگانے والے صارفین کی قدرے حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ کئی اداروں اور کچھ ملازمین کو فری بجلی بھی مفت فراہم کی جاتی ہے۔ ان اداروں کی عمارتوں اور ملازمین کے گھروں کو مکمل طور پر سولر پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔ کئی اداروں کی بلڈنگوں کی چھتیں کنالوں تک محیط ہیں۔ ان کو آسانی کے ساتھ سولر پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔

بیانیوں کی جنگ اور ''باسی خبریں''

وطن عزیز میں کامل اقتدار و اختیار کے خواہش مندوں کے درمیان ان دنوں سیاسی نہیں بلکہ نفسیاتی جنگ ہو رہی ہے۔ جنگ کی اس قسم میں Message Control نام کا حربہ کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ سادہ لفظوں میں یوں کہہ لیں کہ جنگ کی اس قسم کا اہم ترین ہتھیار ''بیانیہ'' ہوتا ہے۔ ''بیانیہ'' بہت نگڑا ہو تب بھی زیادہ توجہ اس حقیقت پر مرکوز رکھنا ضروری ہے کہ 24/7 چلتی ٹی وی سکرینوں پر کون سا موضوع حاوی ہے۔ جو موضوع نام نہاد روایتی میڈیا پر حاوی ہوتا ہے اسے غیر روایتی میڈیا بھی زیر بحث لانے کو مجبور ہو جاتا ہے۔

''نیوز سائیکل'' اور ''بیانیہ'' کی جو گفتگو میں نے چھیڑی ہے اس کی وجہ گزشتہ چند دنوں کے چند واقعات ہیں۔ گزشتہ مہینے کی تقریباً 13 تاریخ کو اڈیالہ جیل میں مقید تحریک انصاف کے بانی نے اپنی ہمشیرہ کے ذریعے عاشقان عمران کو 24 نومبر کے دن ملک بھر سے اسلام آباد پہنچنے کا حکم دیا۔ حکومت نے عاشقان کی پیش قدمی روکنے کے لیے اسلام آباد کے داخلی اور خارجی راستوں کو کنٹینروں کی دیوار چن کر ''محفوظ'' بنا لیا۔ دارالحکومت میں احتجاجی قافلوں کو روکنے کے لئے اٹک سے رحیم یار خان تک پھیلے آبادی کے اعتبار سے ہمارے سب سے بڑے صوبہ پنجاب کی حکومت نے اپنے شہروں اور قصبوں کو دیگر شہروں اور قصبوں سے ملانے والی اہم ترین شاہراہوں کو ''سالانہ مرمت'' کے نام پر بند کر دیا۔

پاکستان مگر ایک وفاق ہے۔ ہمارے صوبے مثالی خود مختاری کے حامل ہیں اور خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف برسر اقتدار ہے۔ سرکاری وسائل کے بھرپور استعمال کے ذریعے وہاں کے وزیراعلیٰ جناب علی امین گنڈاپور نے محمود غزنوی کی طرح ایک بار پھر اٹک پار کرنے کا ارادہ باندھ لیا۔ حکومت پنجاب اور اسلام آباد کی پولیس اور انتظامیہ تمام تر بڑھک بازی کے باوجود ان کے قافلے کو روک نہ پائیں۔ بالآخر شدید ترین پلس مقابلوں کے بعد خیبر پختونخوا سے آیا قافلہ اسلام آباد میں داخل ہو گیا۔

عمران خان کی اہلیہ محترمہ بشریٰ بی بی کے انداز سیاست کے بارے میں ہزاروں تحفظات کے باوجود میں یہ بات دہراتے رہنے کو مجبور ہوں کہ اگر اسلام آباد میں داخلے کا معاملہ فقط علی امین گنڈاپور اور تحریک انصاف کی قیادت کے سپرد ہوتا تو شاید ماضی کی طرح تحریک انصاف کے کارکن سنگ جانی میں ہوئے ایک جلسے کے بعد اپنے گھروں کو لوٹ جاتے۔ اب کی بار اس امر کی گنجائش ہی باقی نہ رہی کیونکہ بشریٰ بی بی ''گھریلو اور پردہ دار خاتون'' کی شناخت بھلا کر اپنے شوہر نامدار کی رہائی کی خاطر میدان میں اتریں اور اپنی قیادت میں کارکنوں کو حوصلہ دیتے ہوئے اسلام آباد کے ڈی چوک کے قریب پہنچا دیا۔ 26 نومبر 2024ء کی شام جب ہزاروں افراد پر مشتمل یہ قافلہ



اسلام آباد کے بلیو ایریا کے اہم مراکز پر جمع ہو گیا تو مقامی انتظامیہ کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ یہ بات واضح تھی کہ اگر بشریٰ بی بی کی قیادت میں جمع ہوا قافلہ کسی نہ کسی صورت ڈی چوک پہنچ کر ڈی چوک میں دھرنا دے کر بیٹھ گیا تو ملک کے دیگر شہروں سے بھی تحریک انصاف کے کارکن ہر نوع کی رکاوٹیں توڑ کر وہاں پہنچ جائیں گے۔ 26 نومبر کی شب لہٰذا ریاستی قوت کے بھرپور استعمال کے ذریعے مظاہرین پسپائی کو مجبور کر دیے گئے۔

اسلام آباد کو مظاہرین سے خالی کروانے کے لیے جس نوعیت کا آپریشن ہوا اس کی بدولت تحریک انصاف اپنے سینکڑوں کارکنوں کی ''ہلاکت'' اور ''گمشدگی'' کا دعویٰ فروغ دینے میں متاثر کن حد تک کامیاب ہوئی۔ روایتی میڈیا کے صحافی ان کی سوچ کی تشہیر نہ کرنے کے جرم میں ریاست کے ''ٹاؤٹ'' تصور ہونا شروع ہو گئے۔ مجھ سادہ لوح کو یہ گماں تھا کہ ''سینکڑوں لوگوں'' کی ہلاکت والے دعویٰ کا تسلی بخش جواب دینے میں بہت دن گزر جائیں گے۔ مجھ جیسے پرانی وضع کے صحافیوں کے لیے بھی خود کو ''ٹاؤٹ'' ہونے کی تہمت سے بچانا بہت مشکل ہو جائے گا۔

رواں ہفتے کا آغاز ہوتے ہی مگر مولانا فضل الرحمن دوبارہ میڈیا کی توجہ کا مرکز بن گئے۔ حکومت کو 26 ویں ترمیم پاس کروانے میں مدد دینے کے بدلے انھوں نے دینی مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے ایک بل دونوں ایوانوں سے منظور کروایا تھا۔ صدر مملکت نے مگر اس پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ بل نظر بظاہر پارلیمان کو دوبارہ غور کے لیے بھیج دیا گیا تو مختلف مسالک کے نمائندہ علماء کا ایک اجلاس دو سے زیادہ گھنٹوں تک ہمارے تمام ٹی وی چینلوں پر براہ راست دکھایا جاتا رہا۔ وہاں موجود علماء مصر رہے کہ وہ دینی مدارس کے حوالے سے اگست 2019ء میں پاس ہوئے ایک قانون سے مطمئن ہیں۔ انھیں وہ بل ہرگز درکار نہیں جس کے اطلاق پر مولانا فضل الرحمن اصرار کر رہے ہیں۔

''سینکڑوں کارکنوں'' کی ہلاکت کا دعویٰ اس تاثر کی نذر ہو گیا کہ مختلف مسالک کے علماء کی کثیر تعداد یکجا ہو کر مولانا فضل الرحمن کی دینی مدارس کے معاملات پر ''اجارہ داری'' للکارنے کی تیار کر رہی ہے۔ میرا وسوسوں بھرا دل امکانی کش مکش کے مضمرات پر غور میں مصروف تھا تو منگل کی سہ پہر آئی ایس پی آر کی جانب سے اعلان کر دیا گیا کہ عمران حکومت کے دوران ایک اہم ترین ریاستی ادارے کے مدارالمہام رہے فیض حمید صاحب کے خلاف لگائے الزامات کی تفتیش مکمل ہو گئی ہے۔ انھوں نے مبینہ طور پر اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھایا۔ اب انھیں کورٹ مارشل کا سامنا کرنا ہوگا۔ فوج میں کورٹ مارشل معمول کے واقعات ہیں۔ فیض حمید مگر عمران حکومت برقرار رکھنے والے ''تھمب (ستون)'' شمار ہوتے تھے۔ ان کے خلاف کورٹ مارشل کی خبر شاید اتنی اہمیت کی حامل نہ ہوتی اگر اس کی خبر دینے والی پریس ریلیز میں یہ اطلاع بھی فراہم نہ ہوتی کہ فیض حمید کے خلاف 9 مئی کے واقعات کے حوالے سے بھی تفتیش ہو رہی ہے۔ یہ اطلاع دیتے ہوئے جو زبان استعمال ہوئی ہے وہ عندیہ دے رہی ہے کہ فیض حمید صاحب کو اب عمران خان سمیت تحریک انصاف کے کئی سرکردہ رہنماؤں کے نومئی کے علاوہ دیگر احتجاجی واقعات کے حوالے سے فوج کے زیر قبضہ علاقے کا رقبہ وسیع ہے لیکن آبادی بہت کم۔ کوئی بڑا شہر نہیں ہے۔ حساقہ، الرمثہ، دیرانہ درشہر کم، قصبے زیادہ ہیں لیکن شام میں تیل کے ذخائر زیادہ تر اسی علاقے میں ہیں۔

نئی حکومت محمد البشیر کی وزارت عظمیٰ میں قائم ہو گئی ہے جن کا تعلق ہیئت التحریر سے ہے۔ ایک سوال یہ ہے کہ ترکی اس حکومت کو چلنے دے گا؟ ترکی ہر صورت میں کردوں کا خاتمہ چاہتا ہے۔ دو تین روز سے اس نے کردوں کی شہری آبادیوں پر بمباری تیز کر دی ہے۔ کوؤں کے بچے ہلاک ہو رہے ہیں۔ ترکی چاہتا ہے کہ کردوں کو الگ رکھا جائے۔ گویا شامی اتحاد کو فی الوقت ایک ہی خطرہ ہے اور وہ ترکی سے ہے۔ ترکی تو اس سے دوستی بڑھا رہا تھا، دیکھا کہ اب وہ جا رہا ہے تو اس نے انقلابیوں سے دوستی کا دعویٰ کر دیا۔ رند کے رند رہے، ہاتھ سے جنت نہ گئی۔

اسرائیل نے فضائی تاریخ کے سب سے بڑا آپریشن کر کے ڈیڑھ سو مقامات پر لگ بھگ ساڑھے تین سو بمباریاں کی ہیں



اور شامی فوج کا چھوڑا ہوا ہتھیار خانہ تباہ کر دیا ہے۔ ان میں روایتی جنگی مشینری کے علاوہ ہوائی جہاز اور ہیلی کاپٹر بھی شامل ہیں اور ہتھیار سازی کے کارخانے بھی۔ بہرحال شمال میں خاصی مقدار میں ہتھیار انقلابیوں نے پہلے ہی قبضے میں لے کر کہیں اور منتقل کر دیئے تھے۔

ایران نے انقلابیوں سے رابطے کر کے دوستی کی خواہش ظاہر کی ہے۔ اسے ''زود پشیمانی'' کہیئے یا کچھ اور۔ بہرحال شروع میں ہائے کا لفظ لگانے کی ضرورت نہیں۔

شامی انقلاب ایسا زلزلہ تھا جس نے ایران میں دراڑیں ڈال دیں۔ پوری تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ منتخب اداروں اور مذہبی حکمرانوں میں اختلاف ہوا اور مذہبی حکمرانوں کا یہ حکم مسترد کر دیا گیا کہ دس ہزار پاسداران کو شام روانہ کیا جائے۔ منتخب حکومت نے کہا کہ دس ہزار تو کیا، ایک پاسدار بھی نہیں جائے گا۔ مذہبی حکمران اعلیٰ پر تب سے خاموشی طاری ہے۔

مذہبی حکمرانوں پر اب دبے دبے الفاظ میں، اپنوں اور پرایوں دونوں کی طرف سے تنقید ہو رہی ہے۔ اپنے یعنی مولوی حضرات کہہ رہے ہیں کہ آپ کا بندوبست پورا اور پکا نہیں تھا اور ''مقبوضہ'' ہمارے ہاتھ سے نکل گیا۔ پرائے یعنی عوامی حلقے کہہ رہے ہیں کہ ہمیں شام میں جانا ہی نہیں چاہیے تھا، اس سارے سودے میں ہم نے گھاٹا اور دشمنی کمائی۔

آنے والے دنوں میں یمن سے لاتعلقی کا عمل بھی شروع ہو سکتا ہے۔ اس کا پورا امکان ہے اور حالات دن بدن ایران کے مذہبی حکمرانوں کیلئے ناسازگار ہوں گے۔

مقبول تاثر ہمیشہ درست نہیں ہوتا۔ شامی انقلاب کے بارے میں مقبول تاثر یہ ہے کہ اس کے پیچھے ترکی ہے۔ ترکی ہرگز نہیں ہے۔ وہ تو اس انقلاب کا مخالف تھا، بالخصوص بہیت التحریر کا تو دشمن تھا۔ ترکی صرف اپنے وفادار دھڑے کا پاسدار تھا یعنی سیرین نیشنل آرمی جس کے ذریعے اس نے شمالی شام کی ایک سرحدی پٹی پر قبضہ کر کے اسے بفرزون بنا دیا تھا۔ 2011ء میں جن لوگوں نے تحریک آزادی چلا کر 70 فیصد رقبے پر قبضہ کر لیا تھا، انہیں ترکی کی مدد حاصل نہیں تھی۔ اس انقلاب کو روس، ایران نے کچل دیا تھا اور روس، ایران کی مدد کرنے والوں میں جہاں امریکہ، برطانیہ اور فرانس شامل تھے، وہیں ترکی بھی ان کے ساتھ تھا جس نے انقلابیوں پر دباؤ ڈال کر حلب خالی کرا کے شام کی حکومت کے حوالے کیا۔

دوسرا مقبول تاثر ہے کہ شام کی جنگ آزادی میں بارہ یا پندرہ دھڑے ہیں اور یوں بڑی خانہ جنگی کا خطرہ ہے۔ حقیقت ذرا مختلف ہے۔ ملاحظہ فرمایئے، شمال مشرق میں ایک بڑا رقبہ کردوں کے پاس ہے ان کی پارٹی کا نام ایس ڈی ایف (سیرین ڈیموکریٹک فرنٹ) ہے۔ اسے امریکہ کی تائید اور سرپرستی حاصل ہے۔ یہ سب سے بڑا رقبہ ہے جو کسی گروہ کے پاس ہے۔ اس کے مغرب میں ترکی کے زیر قبضہ بفرزون کا رقبہ ہے جو سیرین نیشنل آرمی کے کنٹرول میں ہے۔ شام کا سب سے زیادہ گنجان آباد اور اہم ترین علاقہ ہیئت التحریر کے پاس ہے جو ادلیب سے دمشق کے شمال تک پھیلا ہوا ہے۔ الپچو (حلب) حما، حمص وغیرہ کے شہر اسی میں ہیں اور اب تو اطلاع کیا اور طرطوس بھی۔ مشرق میں ایک معقول رقبے پر امریکہ قابض ہے۔ حمص اور حما کے مشرق میں، دیرالزور کے جنوب میں ایک وسیع رقبے پر داعش والے گھومتے ہیں دمشق اور جنوب میں الدرعا، السویدا وغیرہ کا ایک محدود رقبہ ایک اور اتحاد کے پاس ہے جس میں تین چار جماعتیں ہیں۔ بس یہ کلی فریق ہیں۔

کردوں کے زیر قبضہ علاقے کا رقبہ وسیع ہے لیکن آبادی بہت کم۔ کوئی بڑا شہر نہیں ہے۔ حساقہ، الرمثہ، دیرانہ درشہر کم، قصبے زیادہ ہیں لیکن شام میں تیل کے ذخائر زیادہ تر اسی علاقے میں ہیں۔

نئی حکومت محمد البشیر کی وزارت عظمیٰ میں قائم ہو گئی ہے جن کا تعلق ہیئت التحریر سے ہے۔ ایک سوال یہ ہے کہ ترکی اس حکومت کو چلنے دے گا؟ ترکی ہر صورت میں کردوں کا خاتمہ چاہتا ہے۔ دو تین روز

دو تو گئے اکٹھے .....

یاد آیا۔ دس بارہ برس پہلے ایک سینئر ایرانی (مذہبی) رہنما نے بڑے فخر سے اعلان کیا تھا کہ عالم عرب کے چار دارالحکومتوں پر ہمارا قبضہ ہو گیا ہے۔ یعنی بغداد، دمشق، بیروت اور صنعاء، اس کے بعد یہ فقرہ بہت سوں نے بہت بار دہرایا۔ یہاں تک کہ ہر کہہ و مہ کو حفظ ہو گیا۔

دو تو اکٹھے ہی گئے ہاتھ سے یعنی بیروت اور دمشق بچپن کی ایک اور قسم کی بات یاد آ گئی۔ والد مرحوم اور ان کے بعض دوست بھی کسی کتاب کی بات کرتے تو اس طرح کا فقرہ کانوں میں پڑتا کہ یہ کتاب پاکستان میں کسی مکتبے سے نہیں مل رہی، لگتا ہے بیروت دمشق ہی سے منگانی پڑے گی۔ میرے ذہن میں یہ بات جم گئی کہ بیروت دمشق کسی ایک ہی شہر کا نام ہے۔ بعد میں پتہ چلا کہ دو الگ الگ ہیں۔

پھر تاریخ پڑھی تو پتہ چلا کہ ہیں تو دو، اصل میں ایک ہیں۔ ایک کتاب گھر میں ''تاریخ شام و لبنان'' تھی۔ یعنی شام اور لبنان بھی ظاہر دو، اصل میں ایک ہیں اور کچھ اور پیچھے چلے جائیں تو فلسطین اور کنعان (اردن) بھی دراصل شام ہیں، سب ملا کر بلاد شام کہلاتے ہیں۔

خیر باقی بچے دو یعنی صنعا اور بغداد بغداد کا موڈ ایسا ہے اور حالات بھی ایسے کہ وہ جزوی طور پر ایران کا اتحادی ہے۔ ایران کے مذہبی حکمرانوں نے عراق کو بھی حکم دیا تھا کہ مقامی ملیشیا روانہ کرو، اس نے بھی انکار کر دیا۔ اصل میں تو اب محض اور محض صنعا کا دم ہی غنیمت ہے لیکن تا بہ کے؟

پٹی پٹائی پارٹی کے رہنما جناب چیچم دھاڑ خاں، معاف کیجئے گا، عمر ایوب خاں نے کمال فراخدلی سے اعلان کیا ہے کہ ان کی جماعت انسانوں اور فرشتوں، دونوں سے مذاکرات کیلئے تیار ہے۔

پہلے تو محض فرشتوں سے مذاکرات کی ضد تھی، اب حق الیقین ہو گیا کہ فرشتے گھاس تو کیا، گھاس کی پتی بھی نہیں ڈالنے والے تو انسانوں کی بھ نکالی۔

لگتا ہے کہ اب انسانوں کو بھی شاید پروا نہ ہو اس لئے کہ فرشتوں نے اس ''چشمے'' ہی کو فرد جرم کے ڈھکنے سے ڈھک دیا ہے۔ جس کے فیض چیچم دھاڑ خاں، ان کی جماعت، ان کے مرشد اور ان کی مرشدانی کی جملہ پرورش ہوئی تھی۔ چشمہ فیض کی درگت کچھ یوں عبرت کا عنوان بننے والی ہے کہ خود مرشد اور مرشدانی اس کتاب عبرت کے صفحات کے مشمولات بن جائیں گے۔

صلاح الدین ایوبی

روز اول سے آج تک کروڑوں انسان اس جہان فانی میں آئے کھایا پیا فرائض نسل کا حصہ بنے اور پیوند خاک ہو گئے۔ ان کروڑوں انسانوں میں زیادہ تر تو گمنامی کی زندگی گزار کر گئے جبکہ کچھ اور چند ایسے انسان بھی تھے کہ خالق ارض و سما نے ان کو بادشاہت کا اختیار بھی دیا یہ وہ لوگ تھے کہ لاکھوں انسانوں کی زندگی کی موت کا فیصلہ ان کے ہاتھ میں تھا جب یہ حرکت کرتے تو لاکھوں لوگ ان کے ساتھ حرکت کرتے جب یہ ساکن ہوتے تو دنیا ساکن ہو جاتی۔ شب و روز گزرتے چلے گئے اور یہ بڑے بڑے لوگ بھی ماضی کا حصہ بنتے چلے گئے یہ سلاطین اور شہنشاہ جب زندہ تھے تو ہر زبان پر ان کا چرچا اور حکمرانی تھی لیکن جب وقت نے کروٹ لی اور یہ پیوند خاک ہوئے تو کچھ ہی دنوں بعد ان کی قبروں اور مزارات پر دھول اڑنے لگی اور پھر وقت گزرنے کے ساتھ ان کی قبروں اور مزارات کے نشان تک مٹ گئے۔ مسلمانوں کی تاریخ بھی ایسے ہی بادشاہوں کے ناموں سے بھری پڑی ہے جو دنیا دار تھے وہ کچھ عرصہ تو لوگوں کو یاد رہے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ہی ایسے حکمرانوں کے نام بھی آج اذہان سے محو ہو چکے ہیں۔ لیکن ان حکمرانوں میں وہ بادشاہ جنہوں نے عشق رسول ﷺ کی وادی میں قدم رکھا اپنی عقیدت و احترام کا اظہار کیا اور خود کو آقائے دوجہاں کا ادنیٰ غلام سمجھا تو ایسے حکمرانوں کے نام آج تاریخ میں صرف اور صرف عشق رسول ﷺ کی وجہ سے زندہ ہیں۔ ایسے حکمرانوں کے شب و روز عشق رسول ﷺ، سنت نبوی ﷺ، عبادت، ریاضت خشت الٰہی میں گزرے ایسے حکمرانوں کے نام تاریخ کے اوراق پر روشن ستاروں کی طرح چمک رہے ہیں۔ بت شکن سلطان محمود غزنوی جو بت شکنی کے حوالے سے قیامت تک تاریخ کے اوراق میں امر ہو گیا وہ بھی عشق رسول ﷺ کی دولت سے مالا مال تھا سلطان محمود کی اپنے غلام ایاز سے بھی محبت تاریخ کا حصہ ہے اس غلام ایاز کا ایک بیٹا تھا جس کا نام محمد تھا جو بادشاہ کی خدمت کے لیے مامور تھا ایک روز سلطان محمود غزنوی طہارت خانے میں آیا اور آواز دی ایاز بیٹے سے کہو کہ وضو کے لیے پانی



لے کر آئے ایاز شاہانہ مزاج سے خوب واقف تھا بادشاہ کی بات سن کر پریشان ہو گیا کہ شاید میرے بیٹے سے کوئی گستاخی ہو گئی ہے جس کی وجہ سے بادشاہ سلامت ناراض اور ناخوش ہو گئے ہیں اس لیے روزانہ کی طرح آج بیٹے کا نام لے کر نہیں پکارا سلطان محمود وضو سے فارغ ہو کر جب باہر آیا تو اپنے عزیز غلام ایاز کو خم کے سمندر میں ڈوبا ہوا پایا کیونکہ ایاز خم کا مجسمہ بن کر اداس غمگین کھڑا تھا۔ بادشاہ ایاز کو غمزدہ دیکھ کر بولا آج تم دکھ اور غم کا مجسمہ بن کر کیوں کھڑے ہو تو ایاز بولا عالم پناہ آج آپ نے غلام زادے کو نام لے کر نہیں بلایا اس وجہ سے میں بہت پریشان ہوں کہ پتہ نہیں غلام زادے سے کیا غلطی یا نافرمانی ہو گئی جس کی وجہ سے عالی جاہ ناراض ہو گئے ہیں سلطان محمود سن کر مسکرایا اور کہا۔ ایاز ایسی کوئی بات نہیں تم مطمئن رہو نہ تو صاحبزادے سے کوئی غلطی ہوئی ہے اور نہ ہی میں اس سے ناراض ہوں۔ لیکن ایاز کے چہرے پر ابھی تک سوالیہ اور غم کے تاثرات نمایاں تھے سلطان محمود مسکرایا اور کہا آج صاحبزادے کو نام لے کر نہ بلانے کی وجہ یہ تھی کہ مجھے شرم آئی اور میں بے ادبی سمجھا کہ بے وضو میری زبان سے راحت انس و جان و رحمت دو جہاں ﷺ کا اسم گرامی ادا ہو۔ اسی طرح سلطان ناصر الدین بھی عشق رسول ﷺ میں سر سے پاں تک ڈوبا ہوا تھا۔ نبی کریم ﷺ سے محبت کا یہ عالم تھا کہ آپ ﷺ کا نام بے حد ادب و احترام سے لیتا اس کے ایک مصاحب کا نام محمد تھا ایک دن اسے نام لے کر نہ پکارا بلکہ کہا تاج دین ادھر آ اور یہ کام کرو۔ کام کرنے کے بعد محمد اپنے گھر چلا گیا اور پھر تین دن تک بادشاہ کی خدمت میں نہ آیا تو سلطان نے کسی کو بھیج کر اسے طلب کیا اور نہ آنے کی وجہ پوچھی تو مصاحب نے عرض کی عالی جاہ جب آپ نے مجھے خلاف عادت تاج دین کہہ کر پکارا تو مجھے لگا میری کسی غلطی اور گستاخی کی وجہ سے آپ مجھ سے ناراض ہیں اس شرمندگی اور غم میں تین دن میں گھر میں پڑا رہا تو سلطان ناصر دین شفقت آمیز لہجے میں بولے اے عزیز ایسی ناراضگی والی کوئی بات نہیں اس وقت میں باوضو نہیں تھا اس لیے بغیر وضو محمد نام لینا مجھے بے ادبی لگا اس لیے تاج دین کہہ دیا۔ سلطان صلاح الدین ایوبی فاتح بیت المقدس کو جو لازوال شہرت ملی اور قیامت تک امر ہو گیا اس کی وجہ بھی عشق رسول ﷺ ہی تھا۔ ایک دفعہ مدینہ منورہ کے حکام میں سے کسی نے ایک پنکھا بطور ہدیہ بھیجا جس کی ایک طرف لکھا تھا۔ یہ آپ کے لیے ایسا خاص تحفہ ہے کہ آج سے پہلے ایسا نایاب تحفہ آپ کو نہ تو کسی نے بھیجا اور نہ ہی کسی نے آپ کے والد کو اور نہ ہی کسی بادشاہ کو بھیجا ہو گا۔ یہ پڑھ کر سلطان صلاح الدین ایوبی کو بہت زیادہ غصہ آ گیا۔ بادشاہ کا غصہ دیکھ کر قاصد نے عاجزی سے عرض کی اے بادشاہ سلامت آپ غصہ فرمانے سے پہلے برائے مہربانی ایک بار دوسری طرف کو بھی پڑھ لیں اور غصہ نہ کریں۔ لہٰذا سلطان صلاح الدین ایوبی نے پنکھے کو دوسری طرف الٹ کر پڑھا تو وہاں دو ایمان افروز شعر لکھے ہوئے تھے۔ میں نختا ن مدینہ کا پنکھا ہوں اور نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کا ہمسایہ ہوں کہ ساری مخلوق اس کی زیارت کے لیے آتی ہے۔ میں نے اسی قبر مبارک کے زیر سایہ پرورش پائی حتیٰ کہ اسی برکت کی وجہ سے میں سلطان صلاح الدین کے لیے راحت پر مقرر ہوا۔ یہ پڑھنے کی دیر تھی کہ بے ساختہ سلطان بول اٹھا۔ خدا کی قسم تو نے سچ کہا۔ عقیدت اور عشق رسول ﷺ سے سلطان کی خوشی کی انتہا نہ رہی، کیونکہ یہ دنیا جہاں کے خزانوں اور نایاب تحفوں سے بڑھ کر ایسا خزانہ خاص تھا کہ اس کے سامنے دنیا بھر کے ہیرے جواہرات اور سونے چاندی چاندی کے ڈھیر ہیچ تھے اور واقعی سلطان کو آج سے پہلے کسی نے ایسا نایاب اور مقدس تحفہ نہیں بھیجا تھا۔ یہ سلطان صلاح الدین ایوبی کی زندگی کا سب سے بڑا اور مقدس تحفہ تھا۔ سلطان عشق رسول ﷺ اور ادب احترام میں پنکھے کو اپنی آنکھ پر رکھ لیا اور آنکھوں سے عقیدت و احترام سے خوشی کے آنسوؤں کا سیلاب بہہ نکلا۔

صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے

فیض حمید کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی۔ ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔ 12 اگست 2024ء کو پ



سعودی عرب کو فیفا ورلڈ کپ 2034 کی میزبانی مل گئی

2030 کے ورلڈ کپ کی مراکش، اسپین اور پرتگال مشترکہ طور پر میزبانی کریں گے، جنوبی امریکا میں بھی 2030 کے ورلڈ کپ کے 3 میچز کھیلے جائیں گے

ریاض (ویب ڈیسک) سعودی عرب کو 2034 کے فیفا فٹبال ورلڈ کپ کی میزبانی مل گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق بدھ کے روز سعودی عرب کو فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا کی جانب سے 2034 کے ورلڈ کپ کی میزبانی کے لیے منتخب کیا گیا۔ سعودی عرب پہلی مرتبہ فیفا مینز ورلڈ کپ کی میزبانی کرے گا، سعودی عرب کے 5 شہروں کے 15 مختلف اسٹیڈیمز ورلڈ کپ میچز کی میزبانی کریں گے۔ اس کے علاوہ عالمی فٹبال کی گورننگ باڈی کے ورچوئل کانگریس نے تصدیق کی ہے کہ 2030 کے ورلڈ کپ کی مراکش، اسپین اور پرتگال مشترکہ طور پر میزبانی کریں گے، جنوبی امریکا میں بھی 2030 کے ورلڈ کپ کے 3 میچز کھیلے جائیں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال 4 اکتوبر کو سعودی عرب نے باضابطہ طور پر 2034 کے فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی کے لیے بولی جمع کرانے کا فیصلہ کیا تھا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے فیفا ورلڈ کے 2034ء کی میزبانی حاصل کرنے پر سعودی عرب کو مبارکباد دی، محمد شہباز شریف نے کہا کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، یہ کامیابی سعودی عرب کی عالمی کھیلوں میں بڑھتے اثر و رسوخ کا مظہر ہے۔



لاہور: بین الصوبائی قائداعظم گیمز کی تیاریوں کیلئے جمنازیم ہال نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں سپورٹس بورڈ پنجاب کی گرلز والی بال ٹیم کی کھلاڑی تربیتی کیمپ میں ٹریننگ کر رہی ہیں۔

کراچی کے لوگ سب سے زیادہ پروفیشنل، ان کا ڈریسنگ سینس بہترین ہے، شاہد آفریدی

شہر قائد کی گلیوں میں ٹیپ بال کرکٹ بہت کھیلی ہے، سابق کپتان



کراچی (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ کراچی کے لوگ سب سے زیادہ پروفیشنل اور ان کا ڈریسنگ سینس سب سے بہتر ہے۔ کراچی آرٹس کونسل آف پاکستان میں جاری سترہویں اردو کانفرنس کے سیشن 'میں ہوں کراچی' سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ آج میں کراچی کے دوستوں کے ساتھ گپ شپ کروں گا، کراچی کے لوگ سب سے زیادہ پروفیشنل ہیں، کراچی والوں کا ڈریسنگ سینس سب سے بہتر ہے۔ شاہد آفریدی کا کہنا تھا کہ اردو اسپیکنگ لوگ سب سے زیادہ ادب کا شوق رکھتے ہیں، اپنے کیریئر کی تمام کرکٹ کراچی میں ہی کھیلی، شہر قائد کی گلیوں میں ٹیپ بال کرکٹ بہت کھیلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کو کپتان بنانے کے حق میں نہیں تھا، بابر اعظم کے بعد بہترین چوائس رضوان ہی تھے، تاہم جب شاہین شاہ آفریدی کو کپتان بنا دیا گیا تھا تو ایک سیریز کے بعد ہٹانا غلط تھا، اس کو وقت ملنا چاہیے تھا۔

ورلڈ ٹیم سکواش چیمپئن شپ، پاکستان نے اٹلی کو بھی مات دیدی

میلان (ویب ڈیسک) ورلڈ ٹیم سکواش چیمپئن شپ میں پاکستان نے آخری گروپ میچ میں بھی اٹلی کو 0-3 سے شکست دے دی۔ ہانگ کانگ میں جاری ورلڈ ٹیم سکواش چیمپئن شپ میں پاکستان نے اپنے تیسرے گروپ میچ میں بھی فتح حاصل کر لی، پیرو اور ہانگ کانگ کو ہرانے کے بعد پاکستان نے اٹلی کو مات دی ہے۔ ایونٹ میں پاکستان کی جانب سے نور زمان، ناصر اقبال اور عاصم خان نے فتوحات حاصل کیں۔ عاصم خان نے عمر زکی مسعود کو 11_8، 11_4 اور 11_7 سے ہرایا، نور زمان نے لورینزو استاورینگو کو 11_4، 11_7 اور 11-5 سے ہرایا، ناصر اقبال نے ڈینیئل ڈی بارتولومیو کو 11_2، 11_1 اور 11_1 سے مات دی۔ مسلسل 3 میچز جیت کر پاکستان گروپ ایچ میں پہلی پوزیشن پر رہا، راؤنڈ آف فکسٹین میں پاکستان ٹیم جرمنی کے خلاف میچ کھیلے گی۔

ایشین پاور لفٹنگ چیمپئن شپ: نوح دستگیر بٹ نے نئی تاریخ رقم کر دی

نوح بٹ نے ایشین پاور لفٹنگ میں 400 کلوگرام وزن اٹھا کر سکواٹ میں ایشین ریکارڈ قائم کیا



تاشقند (ویب ڈیسک) پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے ازبکستان میں جاری ایشین پاور لفٹنگ میں نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ پاکستان کے پاور لفٹنگ سٹار نوح بٹ نے ایشین پاور لفٹنگ میں 400 کلوگرام وزن اٹھا کر سکواٹ میں ایشین ریکارڈ قائم کیا۔ رپورٹ کے مطابق نوح بٹ نے 120 پلس کے جی میں پہلا گولڈ میڈل جیت لیا جب کہ بینچ پریس، ڈیڈ لفٹ اور مجموعی مقابلوں کے میڈلز کا فیصلہ ہونا باقی ہے۔

کراچی میں 17 سال بعد نیشنل گیمز کا انعقاد اگلے سال ہوگا

کراچی (سپورٹس ڈیسک) سندھ حکومت نے کھیلوں کے لیے سالانہ کیلنڈر تیار کر لیا ہے اور 17 سال کے بعد کراچی میں نیشنل گیمز کا انعقاد ہوگا اور اگلے سال جنوری میں بیچ گیمز بھی ہوں گے۔ محکمہ کھیل سندھ کے تحت کراچی کے ضلع جنوبی کے لیے منعقدہ بیچ سپورٹس گالہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ سندھ میں کھیلوں کے حوالے سے ٹیلنٹ کی تلاش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں کھیلوں کے حوالے سے بہت بڑی تبدیلی آئے گی، سندھ حکومت نوجوانوں کو کھیل کھیلنے کے لیے محفوظ اور مناسب ماحول فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں میں اچھی کارکردگی دکھانے پر انعامات دے کر نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔

نیشنل مین روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ، پاک آرمی کے بلال گولڈ میڈل لے اڑے



لاہور (سپورٹس ڈیسک) نیشنل مین روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ 2024 میں پاک آرمی کے محمد بلال نے گولڈ میڈل جیت لیا۔ ڈی ایچ اے نائن لاہور میں نیشنل مین روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ 2024 کا انعقاد ہوا، ملک بھر سے تمام نمایاں ڈیپارٹمنٹس اور صوبوں کی ٹیموں نے شرکت کی۔ چیمپئن شپ میں 40 کلومیٹر انفرادی ریس میں پاکستان آرمی کے محمد بلال نے مقررہ فاصلہ 54 منٹس میں طے کر کے گولڈ میڈل جیتا۔ مجموعی طور پر پاکستان آرمی نے تینوں گولڈ میڈل اپنے نام کر کے 79 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ پاکستان واپڈا 67 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے اور پاکستان ریلوے 18 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

اسسٹنٹ کوچ ٹم نیلسن کا پی سی بی کے ساتھ سفر ختم

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے جنوبی افریقہ کے دورے کے لیے اسسٹنٹ کوچ ٹم نیلسن کے کنٹریکٹ میں توسیع نہ کرنے کے فیصلے کے بعد ٹیسٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی نے دیگر آپشنز پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔ کھیلوں کی ویب سائٹ کرکٹ انفو کی رپورٹ کے مطابق پی سی بی نے ہائی پرفارمنس کوچ ٹم نیلسن کے کنٹریکٹ میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس حوالے سے بورڈ نے اسسٹنٹ کوچ کو اپنے فیصلے سے آگاہ کر دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے ٹم نیلسن کو باضابطہ طور پر 'ہائی پرفارمنس ریڈ بال کوچ' کے طور پر رواں سال اگست میں جیسن گلیسپی کی سفارش پر مقرر کیا گیا تھا لیکن اب ان کا کنٹریکٹ ختم ہو گیا تھا جو دورہ آسٹریلیا کے بعد رینیو ہونا تھا۔ پاکستان ریڈ بال کوچ پی سی بی کے ساتھ مزید کام کرنا چاہتے تھے اور وہ اپنے کنٹریکٹ میں توسیع کے فیصلے کے بارے میں انتظار کر رہے تھے۔ تاہم ای ایس پی این کرک انفو سے بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ وہ جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے پوری طرح پر عزم تھے اور ان کی تیاری بھی مکمل تھی۔

قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کو ڈیلی الاؤنس کی ادائیگی

25 روز کا الاؤنس پی ایف ایچ نے فنڈز کی عدم دستیابی پر ادا نہیں کیا تھا



لاہور (شہروز میاں سے) قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کو ڈیلی الاؤنس کی ادائیگی کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کو 25 روز کا ڈیلی الاؤنس ادا کیا گیا ہے، اس کے علاوہ کھلاڑیوں کو ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کا ڈیلی الاؤنس بھی ادا کیا گیا ہے۔ اگست اور ستمبر میں 25 روز کا الاؤنس پی ایف ایچ نے فنڈز کی عدم دستیابی پر ادا نہیں کیا تھا، فنڈز ملنے پر پی ایچ ایف نے 20 ہزار روپے فی دن کے حساب سے ادائیگی کی ہے۔ پی ایچ ایف نے تاخیر میں کھلاڑیوں کا تعاون کرنے پر شکریہ ادا کیا جبکہ جونیئر ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کے ڈیلی الاؤنس بھی ادا کر دیئے گئے ہیں، ہاکی ٹیم کے کھلاڑی نے ڈیلی الاؤنس ملنے پر خوش کا اظہار کیا ہے۔

سابق انگلش کپتان کا ٹیسٹ میچ کو 4 دن تک محدود کرنے کا مطالبہ



انگلینڈ (ویب ڈیسک) انگلینڈ کے سابق کپتان مائیکل وان نے ٹیسٹ کرکٹ کو 5 روز کے بجائے 4 روز تک محدود کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کیا جائے۔ مائیکل وان نے ایک غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو کے دوران کہا کہ 'میں سمجھتا ہوں کہ اب وقت آگیا ہے کہ دنیا بھر کی کرکٹ انتظامیہ کو اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے کہ ٹیسٹ میچز کو اب 5 کے بجائے 4 دن تک محدود کر دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 2 سالوں کے دوران جس طرح ٹیسٹ کرکٹ کھیلی گئی ہے وہ بہت دلچسپ رہی ہے، میں نے اپنی پوری زندگی اتنا انجوائے نہیں کیا جتنا ٹیسٹ کرکٹ کو گزشتہ دو سالوں کے دوران کیا۔

پاکستان کیخلاف ون ڈے سیریز کیلیے جنوبی افریقی اسکواڈ، اہم کھلاڑیوں کی واپسی

کراچی (سپورٹس ڈیسک) جنوبی افریقا نے پاکستان کے خلاف تین میچز پر مشتمل ون ڈے سیریز کے لیے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا ہے جس میں پروٹیز کے اہم کھلاڑیوں کی واپسی ہوئی ہے۔ کرک انفو کے مطابق جنوبی افریقا ٹیم کی قیادت ٹیمبا بووما کریں گے، میزبان ٹیم نے ون ڈے سیریز کے لیے اپنے سب سے مضبوط اسکواڈ کا انتخاب کیا ہے۔ کاگیسو ربادا، ہینرک کلاسن، ڈیوڈ ملر، کیشو مہاراج اور تبریز شمسی کی ون ڈے اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے جبکہ 18 سالہ فاسٹ باؤلر کفوینا مافاکا کو بھی اسکواڈ کا حصہ بنایا گیا ہے جو ون ڈے میں اپنا ڈیبیو کریں گے۔ واضح رہے کہ کفوینا مافاکا نے رواں سال انڈر 19 ورلڈ کپ میں سب سے زیادہ وکٹیں بھی حاصل کی تھیں۔

یوم قائد شطرنج چیمپئن شپ 28 دسمبر کو ہوگی

پاکستان چیس فیڈریشن کے زیر اہتمام کنگز کلب کی میزبانی میں ہونے والے مقابلے میں ملک بھر سے نوجوان کھلاڑی حصہ لیں گے



لاہور (سپورٹس رپورٹر) بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے 148 ویں یوم پیدائش کے موقع پر شطرنج کے عالی شان مقابلے قائد ڈے ریپڈ چیس چیمپئن شپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ پاکستان چیس فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی سطح کے اس مقابلے میں ملک بھر سے بہترین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ کنگز چیس کلب لاہور کی میزبانی میں ہونے والے مقابلوں کے لئے رجسٹریشن کا آغاز ہو چکا ہے اور اب تک ملک بھر سے سینکڑوں مرد و خواتین کھلاڑی رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ 28 اور 29 دسمبر کو پنجاب یونیورسٹی سپورٹس سائنسز ڈیپارٹمنٹ کے ہال میں ہونے والی دو روزہ چیمپئن شپ کے فاتح کھلاڑیوں میں ٹرافی اور میڈلز کے ساتھ ساتھ ڈیڑھ لاکھ روپے کے نقد انعامات بھی تقسیم کئے جائیں گے۔ پاکستان چیس فیڈریشن کی جانب سے ایونٹ کے آرگنائزر سلیم اختر کو چیف آربیٹریٹر مقرر کیا گیا ہے جن کا کہنا ہے کہ چیمپئن شپ کے میچز سوئس سسٹم کے تحت کھیلے جائیں گے جبکہ کیٹگریز میں اوپن انڈر 10 انڈر 13 انڈر 16 اور خواتین کے مابین مقابلے ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایونٹ کا مقصد نوجوانوں کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کر کے انہیں عالمی سطح کے مقابلوں کی تیاری میں مدد فراہم کرنا ہے۔





سال 2024 میں پاکستان میں سب سے زیادہ تلاش کی جانے والی شخصیات



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیٹ کی سب سے بڑی سرچ انجن گوگل نے سال 2024 میں پاکستان کے اندر سب سے زیادہ تلاش کی جانے والی چیزوں اور شخصیات کی فہرست جاری کر دی۔ فہرست کے مطابق سال بھر میڈیا شخصیات جیسے ثنا جاوید اور زویا ناصر، بھارتی بزنس ٹائیکون مکیش امبانی، اور سوشل میڈیا کی مشہور شخصیات حریم شاہ اور مناہل ملک کے بارے میں بھی سرچ کیا گیا۔ پاکستان میں رواں برس تلاش کی جانے والی 10 بڑی شخصیات کی فہرست درج ذیل ہے۔ عباس عطار، ایتل عدنان، ارشد ندیم، ثنا جاوید، ساجد خان، شعیب ملک، حریم شاہ، مناہل ملک، زویا ناصر، مکیش امبانی۔

سلمیٰ حسن نے دوسری شادی نہ کرنے کی وجہ بتا دی



لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ سلمیٰ حسن نے دوسری شادی نہ کرنے کی وجہ بتا دی۔ سلمیٰ حسن نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ انہوں نے شو کے دوران دوسری شادی نہ کرنے کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ شاید میں نے دوسری شادی کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اداکارہ نے کہا کہ دوسری شادی نہ کرنے کی وجہ اولاد نہیں ہے بلکہ بھروسے کا ٹوٹنا ہے کیونکہ جب انسان کا ایک رشتہ اور بھروسہ ٹوٹتا ہے تو اس صورتِ حال میں اسے خود کو سنبھالنے میں وقت لگتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے اپنی زندگی میں آگے بڑھنے اور دوبارہ شادی نہ کرنے کی وجہ اولاد نہیں بلکہ میں خود ہوں کیونکہ میں خود تیار نہیں تھی کیونکہ جب انسان کا کوئی رشتہ ٹوٹتا ہے تو انسان احساسِ کمتری کا شکار ہو جاتا ہے۔

مجھے اس عمر میں نماز اور حیا کی اہمیت سمجھ آئی ہے: انوشے اشرف



لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی معروف وی جے، ماڈل، میزبان اور اداکارہ انوشے اشرف کا کہنا ہے کہ انہیں اب اتنی عمر گزر جانے کے بعد زندگی میں نماز اور حیا کی اہمیت سمجھ میں آئی ہے۔ انوشے اشرف نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی زندگی کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں دلچسپ گفتگو کی۔ انہوں نے بتایا کہ جب میں چھوٹی تھی تو میری والدہ اور خالہ نماز کے حوالے سے ہمیشہ ہم بچوں کے ساتھ سختی کرتی تھیں اور اگر ہم نماز نہ پڑھتیں تو ہم سے کہا جاتا تھا کہ جو نماز نہیں پڑھے گا اسے کھانا نہیں ملے گا مگر ہم لوگ پھر بھی نماز پڑھنے سے بھاگتے تھے۔

مریم نفیس کا اپنی پھپھو سے ناخوشگوار تعلقات کا اعتراف

لوگوں کی پھپھو اچھی ہوتی ہوں گی لیکن مجھے پھپھو کے گھر نہیں جانا، اداکارہ



لاہور: (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مریم نفیس نے اپنی پھپھو سے ناخوشگوار تعلقات کا اعتراف کر لیا۔ حال ہی میں مریم نفیس نے اداکارہ دنانیر مبین کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے ہنسی مذاق کے ساتھ ساتھ دلچسپ گفتگو بھی کی۔ میزبان نے اداکارہ سے دادا کی فیملی سے متعلق سوال پوچھا جس پر مریم نفیس نے پھپھو سے ناخوشگوار تعلقات کا اظہار کیا۔ مریم نفیس نے کہا کہ اگر مجھے اپنے دادا کی فیملی میں سے کسی کے گھر نہیں جانا تو وہ میری پھپھو کا گھر ہے، مجھے انہیں نہیں دیکھنا۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ لوگوں کی پھپھو اچھی ہوتی ہوں گی لیکن مجھے پھپھو کے گھر نہیں جانا اور مجھے ان کے ساتھ کسی بھی مسائل کو حل نہیں کرنا کیونکہ وہ عجیب ہیں۔

پشپا 2 کے ہجوم کے موازنے پر سدھارتھ کی ٹرولنگ

لاہور (ویب ڈیسک) بھارتی اداکار سدھارتھ ملہوترا نے پشپا 2 کے ہجوم کی موجودگی کا موازنہ کیا تو الو ارجن کے مداحوں نے اُن کی ٹرولنگ شروع کر دی۔ سدھارتھ نے الو ارجن، رشمیکا مندانا اور فہد فاضل کی شاندار پرفارمنس کی بدولت باکس آفس پر دھوم مچانے والی پشپا 2 پر تنقید کی۔ اداکار نے پشپا 2 کے پروموشنل ایونٹس میں مداحوں کی بڑی تعداد میں موجودگی کا مذاق اڑایا اور کہا کہ بھارت میں بہت زیادہ ہجوم معیار کو یقینی نہیں بناتا ہے۔ سدھارتھ نے ایک قدم آگے بڑھ کر بہار کے دارالحکومت پٹنہ میں جمع فلم کے پرستاروں کے موازنہ کیا، اس ویڈیو کو منوبالا وجے بالن نے شیئر کیا۔ ویڈیو میں سدھارتھ کا کہنا ہے کہ بہار میں اتنی بڑی بھیڑ کو دیکھنا کوئی بڑی بات نہیں ہے، یہ بھی مارکیٹنگ ہے، بھارت میں لوگوں کا جمع ہونا کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ انٹرنیٹ پر اس حوالے سے مختلف نوعیت کا ردعمل سامنے آیا اور الو ارجن کے مداحوں نے تبصروں کی بھرمار کر دی۔ ایک صارف نے کہا کہ سدھارتھ ہمیشہ درست بات کرتے ہیں، دوسرے نے لکھا کہ سدھارتھ تلخی و دشمنی سے بھرے پڑے

ہیرو اور ہیروئن کا تعلق عمر سے نہیں ہوتا، ہمایوں سعید

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سینئر اداکار ہمایوں سعید نے کہا ہے کہ ہیرو اور ہیروئن کا تعلق عمر سے نہیں کردار سے ہوتا ہے، ہولی وڈ میں آج بھی ڈینزل واشنگٹن اور میرل اسٹریپ ہیرو و ہیروئن آتے ہیں۔ اداکار نے حال ہی میں کراچی آرٹس کونسل کی جانب سے منعقد کی جانے والی سترہویں اردو کانفرنس کے ایک سیشن میں خطاب کرتے ہوئے اداکاروں کی عمر کے فرق پر بھی بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ہیرو اور ہیروئن سے متعلق الگ تصورات پائے جاتے ہیں، باقی ممالک اور خصوصی طور پر مغربی ممالک میں ایسا نہیں ہوتا۔

پوڈ کاسٹس میں مفت نہیں جا سکتی، جویریہ سعود



لاہور (سپورٹس ڈیسک) سینئر اداکارہ و ٹی وی میزبان جویریہ سعود نے واضح کیا ہے کہ وہ مختلف پوڈ کاسٹس سمیت ٹی وی شوز میں مفت انٹرویو دینے نہیں جا سکتیں۔ جویریہ سعود نے انسٹاگرام پر اپنی تصویر شیئر کرتے ہوئے پوڈ کاسٹس سمیت دیگر پلیٹ فارمز پر مفت انٹرویوز نہ دینے سے متعلق وضاحت کی۔ اداکارہ نے انٹرویوز کے لیے ان سے پوچھنے والے افراد کو مخاطب ہوتے ہوئے لکھا کہ ان کا اپنے تمام دوستوں اور انٹرویوز کے لیے درخواست کرنے والوں کے لیے بھی یہی جواب ہے کہ وہ مفت میں انٹرویوز نہیں دے سکتیں۔

ثناء جاوید کے بولڈ لباس پر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید



لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ثناء جاوید اپنے باس لیڈی اسٹائل سے مداحوں کو زیادہ متاثر نہیں کر سکیں۔ ثناء جاوید نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی کچھ نئی تصاویر شیئر کی ہیں۔ اداکارہ کو ان تصاویر میں سیاہ رنگ کا مغربی طرز کا لباس پہنے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ثناء جاوید کی یہ نئی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہیں جس کے بعد بولڈ لباس پہننے کی وجہ سے اداکارہ ایک بار پھر شدید تنقید کی زد میں آ گئیں۔ یاد رہے کہ ثناء جاوید کو رواں سال کے آغاز میں مشہور پاکستانی کرکٹر شعیب ملک سے شادی کے بعد بھی سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

کیلیفورنیا کے جنگلات کی آگ برطانوی اداکارہ کے گھر تک پہنچ گئی



لاہور (ویب ڈیسک) کیلیفورنیا کے جنگلات کی آگ برطانوی اداکارہ جین سیمور کے گھر تک پہنچ گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 73 سالہ اداکارہ نے آگ اور فائر فائٹرز کی آگ بجھانے کی کوششوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کی ہیں۔ اداکارہ کو آگ کے باعث گھر سے منتقل ہونا پڑا تاہم انہوں نے بتایا کہ وہ خیریت سے ہیں۔ انہوں نے ریسکیو اہلکاروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ لوگ ہمارے گھروں اور لوگوں کو بچانے کی زبردست کوشش کر رہے ہیں۔ امریکی ریاست کیلیفورنیا کے جنگلات خوفناک آگ کی لپیٹ میں ہیں، یہ آگ 4 ہزار ایکڑ سے زائد رقبے پر پھیل گئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق کیلیفورنیا کے علاقے ملیبو کے جنگلات میں 3 دن قبل آگ لگی تھی جس پر تاحال مکمل طور پر قابو نہیں پایا گیا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈسکہ سیوریج سسٹم پر الفت شہزاد کی ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ

اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق سی او ایم سی الفت شہزاد کی بہترین ورکنگ



سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے)ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا ہے کہ ڈسکہ سٹی میں سیوریج کے نظام کی اپ گریڈیشن کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، پنجاب سٹیزر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بارشی پانی کے نکاس کیلئے 77 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈرین کی تعمیر کا منصوبے کی فزیبل پراگریس 45 فیصد مکمل ہو چکی ہے اور یہ منصوبہ فروری 2025 میں مکمل کرلیا جائے گا اس منصوبے کی تکمیل سے ڈسکہ سٹی میں اربن فلڈنگ کے دریانہ مسئلہ حل ہوگا۔ یہ بات انہوں نے آج ڈسکہ سٹی میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر جاری کا جائزہ لینے کے دوران کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق، سی او ایم سی ڈسکہ الفت شہزاد اور ایکسین سروسز بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنایا جائے اور مفاد عامہ میں ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈسکہ سٹی میں اس وقت بھی ایک ڈویلپمنٹ منصوبوں پر کام جاری ہے ڈسٹرکٹ اور تحصیل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے ان منصوبوں کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جبکہ ایگزیکیوٹینگ ایجنسی کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ معیار اور رفتار پر ہرگز سمجھوتہ نہ کریں تاکہ اربوں روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے منصوبے ڈیزائن کے عین مطابق مکمل کیے جاسکے اور عوام الناس ان سے بھرپور استفادہ حاصل کرسکے۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کے اچانک دورہ کے دوران ہسپتال کی ایمرجنسی، او پی ڈی اور فارمیسی سمیت مختلف حصوں اور شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور علاج کی غرض سے آئے ہوئے مریضوں کی عیادت کی اور ہسپتالوں میں میں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی کی بابت استفسار کیا۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول جیسر والہ کا دورہ کیا اور طالبات سے متعلقہ مضامین کی بارے میں سوالات کئے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کیو ڈی پی ایس کے زیر تعمیر بلاکس پر کام کی پراگریس کا بھی جائزہ لیا۔

آئی جی پنجاب جیل خانہ جات فاروق نذیر نے ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ کا دورہ کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی جی پنجاب جیل خانہ جات فاروق نذیر نے ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ کا دورہ کیا جنہیں سپرنٹنڈنٹ جیل اظہر جاوید چیمہ نے جیل امور کے حوالے سے بریفنگ دی اور قیدیوں و حوالاتیوں کو فراہم کردہ سہولیات سے آگاہ کیا، اس موقع پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل افضال وڑائچ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ محمد عابد و دیگر افسران موجود تھے، آئی جی جیل خانہ جات نے جیل کی بیرکس اور جیل ہسپتال و لنگر خانہ کا بھی دورہ کیا اور قیدیوں سے ملاقاتیں کرکے جیل انتظامات و فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں دریافت کیا، دورہ کے اختتام پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آئی جی جیل خانہ جات فاروق نذیر نے کہا کہ جیل ہسپتال محکمہ ہیلتھ کے سپرد کردیا گیا ہے اور اب پانچ سے چھ ڈاکٹرز پیرا میڈیکل سٹاف ہمہ وقت جیل ہسپتال میں موجود ہوگا اور تمام اسیران کے علاج معالجہ کی ذمہ داری انجام دے گا قیدیوں کو ہنرمند بنانے کی خاطر بھی اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور پنجاب حکومت کی ہدایت پر صوبہ بھر کی جیلوں میں قیدیوں کو مختلف ہنر سکھائے جارہے ہیں تاکہ وہ جیل سے رہا ہو کر روزگار کمانے کے قابل بن کر پرامن شہری کے طور پر اپنی زندگی بسر کرسکیں، سولر ازجی بلب بنانے کا یونٹ لگایا گیا ہے جس کے تحت صوبہ بھر کی جیلوں کو سولر بلب سپلائی کئے جائیں گے جو مارکیٹ سے ایک سو روپے کم قیمت پر دستیاب ہوگا، لٹ ٹائگر بنانے کا یونٹ بھی لگایا گیا ہے جس سے تیار شدہ ٹائگر نہ صرف پنجاب بھر کی جیلوں کو سپلائی کی جائیں گی بلکہ انہیں عام مارکیٹ میں بھی فروخت کیلئے بھجوایا جائے گا، قیدیوں و حوالاتیوں کو فراہم کردہ کھانے کے معیار کا بھرپور خیال رکھا جارہا ہے۔

مصروف ایام میں دوستوں کی انجمن اور تفریح کے لیے وقت کسی نعمت سے کم نہیں، مظفر بٹ

وزیرآباد(نامہ نگار) سیر وسیاحت انسان کی تخلیقی صلاحیت میں اضافہ کرتی ہے۔ سیاحت کرنے والے افراد شاعر ہوں، ادیب ہوں، مصور ہوں یا فوٹو گرافر ہوں یا کوئی اور تخلیقی کام کرتے ہوں، قدرتی مناظر کی سیاحت انسان کے ذہن کے نئے دریچے وا کرتی ہے اور انسان کی تخلیقی صلاحیت بہتر ہوتی جاتی ہے ان خیالات کا اظہار معروف سماجی شخصیت مظفر بٹ نے امام علی لورز گروپ کے راہنما ذیشان گوندل کی جانب سے خانکی بیراج ریسٹ ہاؤس میں عشائیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں شریک نائب امیر جماعت اسلامی صابر حسین بٹ، سید ضمیر کاظمی، علی حسن، فاروق زرگر، عدنان کھرل ایڈووکیٹ اور ڈاکٹر رضوان موجود تھے انہوں نے کہا کہ موجودہ انتہائی مصروفیت کے ایام میں دوستوں کی انجمن اور تفریح کے لیے وقت کسی نعمت سے کم نہیں مل بیٹھنے سے احباب کے ساتھ تبادلہ خیالات اور احوال پرسی سے قیمتی تجربات حاصل ہوتے ہیں۔

نارنگ منڈی: شہر بھر میں مچھروں کی بہتات سے شہری پریشان

انتظامیہ انہیں تلف کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہ کرسکی، شہری بیمار ہونے لگے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر بھر میں مچھروں کی بہتات سے شہری پریشان انتظامیہ انہیں تلف کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہ کرسکی شہری بیمار ہونے لگے تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی میں مچھروں کی بہتات میں اضافہ ہو چکا ہے جو خوف پھیلا رہے ہیں انتظامیہ نے انہیں تلف کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے سورج غروب ہوتے ہی موٹے مچھر انسانوں کو کاٹنے کیلئے آجاتے ہیں جس سے اہل علاقہ شدید پریشان ہیں شہری ڈینگی کے خوف کا شکار ہیں انتظامیہ کی سستی اور غفلت سے اہل علاقہ مختلف بیماریوں کا شکار ہورہے ہیں انہوں نے اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

سپرنٹنڈنٹ انجینئر ہائی وے ڈویژن ساہیوال محمد ارشد ندیم اپنی مدت ملازمت پوری کرکے ریٹائرڈ ہوگئے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) سپرنٹنڈنٹ انجینئر ہائی وے ڈویژن ساہیوال محمد ارشد ندیم اپنی مدت ملازمت پوری کر کے ریٹائرڈ ہوگئے۔ ان کے لئے محکمہ کی طرف سے الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ایس ای بلڈنگ ساہیوال ذوالفقار علی، ایکسین ہائی ویز محمد رمضان، شہزاد ہاشم اور محمد جواد اور ایکسین بلڈنگ فتح محمد وٹو اور ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی اور تینوں اضلاع کے ایس ڈی اوز نے بھی شرکت کی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے ایس ای محمد ارشد ندیم کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہیں یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔

لاہور PC ہوٹل میں صحافیوں کی اہم بیٹھک بڑے فیصلے متوقع

صدر پریس کلب عارف والا حاجی چوہدری محمد اعجاز کے ترقیاتی کاموں کو خوب سراہا



عارف والا (امتیاز چوہدری سے) لاہور PC ہوٹل میں صحافیوں کی اہم بیٹھک بڑے فیصلے متوقع تفصیل کے مطابق ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا کے وائس چیئرمین چوہدری جواد حیدر کی لاہور PC ہوٹل میں صدر عارف والا پریس کلب حاجی چوہدری محمد اعجاز اور چیئرمین رانا محمد اصف امین تیمور ظفر بھنگو ایڈووکیٹ ہائی کورٹ رانا وڈی سے ملاقات آنے والے الیکشن کے بارے میں اہم فیصلے متوقع ملاقات کے دوران وائس چیئرمین ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب چوہدری جواد حیدر نے صدر پریس کلب عارف والا حاجی چوہدری محمد اعجاز کے ترقیاتی کاموں کو خوب سراہا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

وزیرآباد: ڈاکو بینک کے دروازے سے پیسے چھین کر فرار

جامکے کا کھاد ڈیلر ایچ بی ایل بینک میں 17 لاکھ روپے جمع کروانے آرہا تھا

وزیرآباد (نامہ نگار) ڈکیتی کی دلیرانہ واردات، دو ڈاکو نجی بینک کے دروازے سے پیسے جمع کروانے آنے والے شخص سے لاکھوں روپے لوٹ کر فرار۔ جامکے کا کھاد ڈیلر زین الحسن چیمہ دوکان سے دس لاکھ روپے لیکر وزیرآباد آیا اور سیالکوٹ روڈ پر واقع میزان بینک سے سات لاکھ روپے نکلوا کر سیالکوٹ روڈ نزد پرانی کچہری کے قریب واقع ایچ بی ایل بینک میں 17 لاکھ روپے جمع کروانے آرہا تھا کہ بینک کے دروازے پر ہی پیچھے سے آنیوالے دو موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روک لیا مزاحمت پر ڈاکوؤں نے 14 لاکھ روپے چھین لئے اور فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔

حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات اچھا شگون ہے، شہباز احمد کڑھائی والے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات اچھا شگون ہے اس سے سیاسی درجہ حرارت میں کمی آئے گی سیاستدانوں کو سب سے پہلے ملک اور قوم کا سوچنا چاہیے ذاتی مفادات اور انا میں انتہا پسندی کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات کے آغاز سے سیاسی اتار چڑھاؤ مثبت ہوگا امید ہے دونوں فریقین کی بیٹھک سے مثبت لائحہ عمل ترتیب دیا جائے گا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کا مؤقف پہلے دن سے ہی واضح ہے عوام کی حکمرانی ہی اصل طاقت ہے مگر بدقسمتی سے پاکستان میں طاقت کا غلط اور ناجائز استعمال کیا جارہا ہے جو اچھی ریت نہیں ہے سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر کشیدگی کا حل نکالنا ہوگا تاکہ ملک کو درست سمت کی جانب گامزن کیا جاسکے۔

شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار جبکہ ایک فرار ہونے میں کامیاب پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ بمبانوالہ میں عامر کی شادی کی تقریب میں ملزم ریاست اور ایک نامعلوم پابندی کے باوجود ہوائی فائرنگ کررہے ہیں پولیس نے چھاپہ مار کر ملزم ریاست کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا جبکہ نامعلوم فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

غریبوں اور مستحق افراد کی امداد کرنے کیلئے لی رقم ہڑپ کرنے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) غریبوں اور مستحق افراد کی امداد کرنے کیلئے لی رقم ہڑپ کرنے پر مقدمہ درج ڈسکہ کی خاتون آمنہ عارف جو کہ غریبوں، مسکینوں اور ضرورت مندوں کی امداد کرتی ہے اس نے اپنے قریبی رشتہ دار فرحان زاہد راٹھور ولد زاہد اکبر راٹھور سکنہ جامکے روڈ ڈسکہ کو مختلف اوقات میں چیک 33 لاکھ 49 ہزار روپے اور نقدی رقم 15 لاکھ روپے غریبوں، مستحق اور ضرورت مندوں کی امداد کیلئے بطور امانت دی خاتون کو اب معلوم ہوا کہ ملزم فرحان زاہد راٹھور کسی بھی غریب، مستحق اور ضرورت مند کو یہ رقم نہیں دیتا رہا اور وہ رقم خود ہڑپ کرگیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

جھنگ: عالم یوم انسداد ہر سال کی طرح اس سال بھی منایا گیا

1900 ممالک سمیت UNCAC کے تحت بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات پر متفق ہیں



جھنگ (بیورو رپورٹ) عالمی یوم انسداد بدعنوانی ہر سال 9 دسمبر کو منایا جاتا ہے تاکہ 2003 میں اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد بدعنوانی (UNCAC) کی منظوری کی سالگرہ کو یاد رکھا جا سکے۔ اس سال کا موضوع نوجوانوں کے ساتھ بدعنوانی کے خلاف اتحاد: مستقبل کی دیانت کی تشکیل ہے، جو بدعنوانی کے خاتمے اور دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کے اہم کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ اس سال کا موضوع "نوجوانوں کے ساتھ بدعنوانی کے خلاف اتحاد: مستقبل کی دیانت کی تشکیل" ہے، جو بدعنوانی کے خاتمے اور دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کے اہم کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ دن بدعنوانی کو ترقی، جمہوریت اور اچھی حکمرانی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ کے طور پر تسلیم کرنے کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ پاکستان سمیت 190 ممالک UNCAC کے تحت بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات پر متفق ہیں۔ پاکستان میں بدعنوانی کے خلاف جدوجہد کو چیلنجز کے ساتھ عالیہ بہتری بھی ملی ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے کرپشن پرسیپشن انڈیکس (CPI) کے مطابق، پاکستان کی درجہ بندی 2022 میں 140 ویں سے بہتر ہو کر 2023 میں 133 ویں ہوگئی، اور سی پی آئی اسکور 27 سے بڑھ کر 29 ہو گیا۔ جنوبی ایشیاء کے دیگر ممالک کے مقابلے میں، بھارت 85 ویں نمبر پر 39 کے اسکور کے ساتھ، افغانستان 172 ویں نمبر پر 16 کے اسکور کے ساتھ، اور نیپال 107 ویں نمبر پر 36 کے اسکور کے ساتھ موجود ہیں۔ سی پی آئی ماہرین اور کاروباری شخصیات کی جانب سے عوامی شعبے میں بدعنوانی کی بنیاد پر مختلف آزاد ذرائع سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اس کا اسکور صفر (زیادہ بدعنوان) سے 100 (انتہائی صاف) تک ہوتا ہے۔ بھارت 39 سکور کیساتھ 85 ویں نمبر پر، افغانستان 16 سکور کے ساتھ 721 ویں نمبر پر، نیپال 36 سکور کیساتھ 107 ویں نمبر پر اور بھوٹان 62 سکور کیساتھ 45 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ یاد رہے کہ سی پی آئی ماہرین اور کاروباری شخصیات کی جانب سے عوامی شعبے میں بدعنوانی کی بنیاد پر مختلف آزاد ذرائع سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اس کا اسکور صفر (زیادہ بدعنوان) سے 100 (انتہائی صاف) تک ہوتا ہے۔ اس سال کا موضوع "نوجوانوں کے ساتھ بدعنوانی کے خلاف اتحاد: مستقبل کی دیانت کی تشکیل" ہے، جو بدعنوانی کے خاتمے اور دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کے اہم کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ دن بدعنوانی کو ترقی، جمہوریت اور اچھی حکمرانی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ کے طور پر تسلیم کرنے کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ پاکستان سمیت 190 ممالک UNCAC کے تحت بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات پر متفق ہیں۔ پاکستان میں بدعنوانی کے خلاف جدوجہد کو چیلنجز کے ساتھ عالیہ بہتری بھی ملی ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے کرپشن پرسیپشن انڈیکس (CPI) کے مطابق، پاکستان کی درجہ بندی 2022 میں 140 ویں سے بہتر ہو کر 2023 میں 133 ویں ہوگئی، اور سی پی آئی اسکور 27 سے بڑھ کر 29 ہو گیا۔ جنوبی ایشیاء کے دیگر ممالک کے مقابلے میں، بھارت 85 ویں نمبر پر 39 کے اسکور کے ساتھ، افغانستان 172 ویں نمبر پر 16 کے اسکور کے ساتھ، اور نیپال 107 ویں نمبر پر 36 کے اسکور کے ساتھ موجود ہیں۔ سی پی آئی ماہرین اور کاروباری شخصیات کی جانب سے عوامی شعبے میں بدعنوانی کی بنیاد پر مختلف آزاد ذرائع سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اس کا اسکور صفر (زیادہ بدعنوان) سے 100 (انتہائی صاف) تک ہوتا ہے۔

ہیومن ڈویلپمنٹ فاؤنڈ اور سی پی ڈی آئی کی میڈیا بریفنگ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سی این بی نیٹ ورک پنجاب کی ممبر تنظیم سحر ہیومن ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن اور سی پی ڈی آئی نے ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں ایک میڈیا بریفنگ کی جس میں (IACD) عالمی یوم انسداد بدعنوانی ہر سال 9 دسمبر کو منایا جاتا ہے تاکہ 2003 میں اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد بدعنوانی (UNCAC) کی منظوری کی سالگرہ کو یاد رکھا جاسکے۔ اس سال کا موضوع "نوجوانوں کے ساتھ بدعنوانی کے خاتمے اور دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کے اہم کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ دن بدعنوانی کو ترقی، جمہوریت اور اچھی حکمرانی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ کے طور پر تسلیم کرنے کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ پاکستان سمیت 190 ممالک UNCAC کے تحت بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات پر متفق ہیں۔ پاکستان میں بدعنوانی کے خلاف جدوجہد کو چیلنجز کے ساتھ عالیہ بہتری بھی ملی ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے کرپشن پرسیپشن انڈیکس (CPI) کے مطابق، پاکستان کی درجہ بندی 2022 میں 140 ویں سے بہتر ہو کر 2023 میں 133 ویں ہوگئی، اور سی پی آئی اسکور 27 سے بڑھ کر 29 ہو گیا۔ جنوبی ایشیاء کے دیگر ممالک کے مقابلے میں، بھارت 85 ویں نمبر پر 39 کے اسکور کے ساتھ، افغانستان 172 ویں نمبر پر 16 کے اسکور کے ساتھ، اور نیپال 107 ویں نمبر پر 36 کے اسکور کے ساتھ موجود ہیں۔ سی پی آئی ماہرین اور کاروباری شخصیات کی جانب سے عوامی شعبے میں بدعنوانی کی بنیاد پر مختلف آزاد ذرائع سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اس کا اسکور صفر (زیادہ بدعنوان) سے 100 (انتہائی صاف) تک ہوتا ہے۔

بچوں کو پولیو کے دو قطرے ضرور پلائے جائیں، ڈپٹی کمشنر

پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی سستی یا کوتاہی نہ کی جائے، شاہد محمود کی گفتگو



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لئے انہیں پولیو کے دو قطرے ضرور پلائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی سستی یا کوتاہی نہ کی جائے اور قطرے پلانے والی ٹیموں کی کڑی نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیو قطروں کی افادیت بارے عوام میں آگہی پیدا کرنے کے لئے مساجد میں اعلانات کروائے جائیں۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں 16 دسمبر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ پولیو مہم کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری سمیت پولیس، ایجوکیشن، سول ڈیفنس، پولیو کے خاتمہ کے لئے کام کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری نے بتایا کہ 16 دسمبر سے شروع ہونے والی 5 روزہ پولیو مہم کے دوران 2086 موبائل ٹیمیں گھر گھر اور تعلیمی اداروں، 131 فکسڈ ٹیمیں دیہی و بنیادی مراکز صحت، ریلوے سٹیشنز، لاری اڈوں، 90 ٹرانزٹ ٹیمیں اہم چوراہوں، چوکوں، بس اسٹاپس اور بازاروں میں جبکہ مجموعی طور پر 2307 ٹیمیں بچوں کو قطرے پلانے کا قومی فریضہ سرانجام دیں گی۔

CRIME & COURT

جرم وسزا

ڈی ایس پی سٹی ٹریفک مبشر خان کی زیر قیادت سیالکوٹ میں انکروچمنٹ آپریشن

ناجائز تجاوزات کیخلاف سرگرم عمل ہیں، میونسپل آفیسر اعجاز ملک



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پنجاب گورنمنٹ کے حکم پر سیالکوٹ ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر سیالکوٹ کے طول وارض میں ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کیلئے دو ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں جن کو ڈی پی او سیالکوٹ کی زیر نگرانی ڈی ایس پی سٹی ٹریفک سیالکوٹ مبشر خان، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد اعجاز ملک لیڈ کررہے ہیں۔ مرکزی ٹیم کو انچارج انکروچمنٹ سیل میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ مستنصر بلو خان جبکہ دوسری اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کو انچارج انکروچمنٹ وقاص بٹ معہ عملہ انکروچمنٹ ہائی ٹریفک ریگولیشن مسائل کیساتھ انیوالے شہریوں کے لئے بھی آسانی ہوئی۔

دریائے چناب کے قریب ٹرین گاڑی ڈمپر سے ٹکرا گئی ٹرین میں سوار تین افراد شدید زخمی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دریائے چناب کے قریب ٹرین گاڑی ڈمپر سے ٹکرا گئی ٹرین میں سوار تین افراد شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق دریائے چناب پل ریلوے پھاٹک کے قریب ٹرین لوڈر ڈمپر سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں ٹرین میں سوار چھمیس سالہ عاصمہ بی بی، اٹھارہ سالہ زین علی اور چھپن سالہ محمد رفیق شدید زخمی ہو گئے وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 چنیوٹ کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور فوری ریسکیو آپریشن کے ذریعے زخمی افراد کو ٹرین سے بحفاظت نکال کر ہسپتال منتقل کردیا۔

انڈے مہنگے داموں فروخت کرنیوالا دوکاندار گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) انڈے مہنگے داموں فروخت کرنیوالا دوکاندار گرفتار پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بمبانوالہ میں چھاپہ مارا تو دوکاندار اصغر علی انڈے 352 روپے کی بجائے 400 روپے فی درجن فروخت کررہا تھا جس کو پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

ایس ایچ او اور چوکی انچارج پپلی پہاڑ ارشد کچھی کی کھلی کچہری عوام کے مسائل سنے



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور تھانہ صدر کی چوکی پپلی پہاڑ چوکی سکھ پور روزیر اعلی مریم نواز شریف صاحبہ کے ویژن کے مطابق ڈی پی او اوکاڑا راشد ہدایت صاحب چوکی پپلی پہاڑ اور چوکی سکھ پور میں آنے والے تمام سائلین کے مسائل سنیں اور انہیں فوری طور پر حل کرنے کا حکم جاری کیا اور تھانہ صدر دیپالپور کے ایس ایچ او میاں فخر حیات وٹو صاحب اور چوکی انچارج پپلی پہاڑ محمد راشد بچی اور چوکی سکھ پور کو امن وامان قائم رکھنے کی ہدایت جاری کی چوکی پپلی پہاڑ میں شرکاء کی بہت بڑی تعداد تھی جس میں گاؤں 56/اے ڈی کے ملک عارف نمبردار میاں لطیف سکھیرا ملک وقاص ایڈووکیٹ ڈاکٹر شاہد میاں منیر احمد مہار شرکت کی اور ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت کا شکریہ ادا کیا جس نے موقع پر فوری طور پر حل کرنے کا حکم دیا غریب لوگوں کے کام ہوئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آئیں اور کسی بھی مسئلے کو جلد حل کیا جائے اور بلاوجہ انتظار نہ کروایا جائے۔ دفاتر، تھانہ جات میں کسی بھی شہری کی تضحیک ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی وجہ سے شہریوں کا تھانہ جات میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا تو شہری بلاجھجک میرے دفتر تشریف لائیں، انکے مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جرائم کے خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ جرائم کے خاتمہ کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے اردگرد ہونے والے جرائم کی نشاندہی کریں تاکہ بروقت کاروائی عمل میں لائی جاسکے اور جرائم پیشہ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جاسکے۔

پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے اقدامات کئے جارہے ہی، ڈی پی او

فیلڈ افسران کسی بھی مسئلے کی صورت میں شہریوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آئیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے لوگوں کے مسائل سنے اور درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کرکے مختص کردہ ٹائم میں داد رسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آئیں اور کسی بھی مسئلے کو جلد حل کیا جائے اور بلاوجہ انتظار نہ کروایا جائے۔ دفاتر، تھانہ جات میں کسی بھی شہری کی تضحیک ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی وجہ سے شہریوں کا تھانہ جات میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا تو شہری بلاجھجک میرے دفتر تشریف لائیں، انکے مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جرائم کے خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ جرائم کے خاتمہ کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے اردگرد ہونے والے جرائم کی نشاندہی کریں تاکہ بروقت کاروائی عمل میں لائی جاسکے اور جرائم پیشہ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جاسکے۔

مدثر صدیق ڈی ایس پی ٹریفک لائسنسنگ ہیڈکوارٹر سیالکوٹ تعینات

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے مدثر صدیق کو ڈی ایس پی ٹریفک ہیڈکوارٹر لائسنسنگ سیالکوٹ تعینات کردیا



سیالکوٹ (خوجہ عامر جاوید سے) جنہوں نے باقاعدہ طور پر چارج سنبھال لیا۔ انہوں نے چارج سنبھالتے ہی اپنے دفتر میں تمام لائسنس برانچز کے انچارج صاحبان سے میٹنگ کی اور ہدایت جاری کی کہ عوام الناس کو لائسنس کے اجراء کے سلسلے میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے، عوام الناس کے ساتھ خوش اصلوبی سے پیش آیا جائے، اور جس حد تک ممکن ہو ڈرائیورنگ لائسنس کے حصول کے سلسلے میں امیدوار کی رہنمائی کی جائے۔ کسی بھی قسم کا ناروا سلوک عوام الناس کے ساتھ برداشت نہ کیا جائے گا۔ عوام الناس کی سہولت کے پیش نظر سابقہ روایت فائل جمع کر کے ٹوکن جاری کرنے کے عمل کو ختم کر دیا ہے اب جو بھی امیدوار ٹیسٹ دینے آئیگا اسی دن ہی اس کا ٹیسٹ لے لیا جائے گا۔ جبکہ کمرشل اور PSV ڈرائیورنگ لائسنس کے لیے بھی افسران کو لیٹر جاری کیا گیا ہے کہ ٹیسٹوں کی تعداد آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑھائی جائے، انہوں نے کہا کہ میرٹ اور شفافیت کے عمل کو بہتر بنایا جائیگا۔ کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی اگر کوئی ملازم کرپشن میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی عمل میں لاتے ہوئے نوکری سے برخاست کیا جائے گا۔ اگ

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) 13 دسمبر 2024

''قوت'' کا اسپیشل ایڈیشن

قوت

تمام اشتہارات نیٹ قیمتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا اشتہارات صاف اور پڑھنے کے قابل ہونے چاہئیں کاٹنے چھانٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

''قوت'' کالسیفائیڈ

تجزیہ 1

دوشنبہ کی صبح ایک پرائیویٹ اسکول میں کلاس روم چھپکلی پائی گئی جس کے بعد اسکول انتظامیہ نے بچوں کو چھٹیاں دینے کا فیصلہ کیا۔ اسکول کے ایک جدید پروجیکٹر کا مشاہدہ کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ ہم نے اپنے بچوں کو سکھایا ہے کہ ہمیں کسی سے نہیں ڈرنا، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم چھپکلی سے بھی نہ ڈریں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنے بچوں کو ہر طرح کے خوف سے نجات دلانی ہے، چاہے وہ چھپکلی ہو یا کچھ اور۔ مریم نواز نے کہا کہ ہم نے اپنے بچوں کو سکھایا ہے کہ ہمیں کسی سے نہیں ڈرنا، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم چھپکلی سے بھی نہ ڈریں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنے بچوں کو ہر طرح کے خوف سے نجات دلانی ہے، چاہے وہ چھپکلی ہو یا کچھ اور۔

تجزیہ 2

حکومت نے منشور کو دوبارہ مرتب کرنے کا اعتراض کیوں کیا؟ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ آج کل سیاست مدارس کی دہلیز پر بھی دستک دے رہی ہے جامعہ مدارس کی دستار بندی کیلئے ہیلی کاپٹر تیار ہیلی مدارس کی دستار بندی کیلئے ہیلی کاپٹر تیار کیا گیا، جلسے، جلوس، دھرنے کو مدارس کی دستار بندی سے تشبیہ دی گئی، مدارس کی دستار بندی کو سیاسی سرگرمی قرار دیا گیا

پنجاب میں مقامی پولیو وائرس کی افزائش کو روکنا بڑا چیلنج، عدیل تصور



لاہور و ڈیرہ غازی خان میں پولیو وائرس کی مقامی افزائش کو روکا جائے گا۔ سربراہ پولیو پروگرام پنجاب

وائرس کی منتقلی روکنے کے لئے گزرگاہوں پر موجود ٹیمیں الرٹ رہیں۔ یہ مستقل پولیو پوائنٹس وائرس کی منتقلی کے امکان کو کم کرتے ہیں

لاہور (خبر نگار) ''پنجاب میں مقامی پولیو وائرس کی افزائش کو روکنا بڑا چیلنج ہے جس سے نبٹنے کے لئے محکمہ اور حکومت تمام اقدامات کر رہی ہے''، یہ بات انسداد پولیو پروگرام سربراہ عدیل تصور نے اضلاع کے محکمہ صحت افسران سے میٹنگ کے دوران کہی۔ میٹنگ کا انعقاد پنجاب میں 16 دسمبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کا جائزہ لینے کے لئے کیا گیا۔ اجلاس میں 36 اضلاع کے محکمہ صحت کے افسران نے ویڈیو لنک پر شرکت کی۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ لاہور اور ڈیرہ غازی خان میں پولیو وائرس کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

خواتین اور بچوں کے جنسی استحصال میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، محمد نوید

سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، چالانی تناسب میں بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں کرائم میٹنگ، تمام پینڈنگ اور زیر التواء مقدمات کی پراگرس رپورٹ کا جائزہ لیا

لاہور (خالد صدانی سے) لاہور ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں کرائم میٹنگ کی جس میں سرکل ڈی ایس پیز، SSOIU انچارجز اور تفتیشی افسران کی شرکت میٹنگ میں تمام پینڈنگ اور زیر التواء مقدمات کی پراگرس رپورٹ کا جائزہ لیا گیا ناقص کارکردگی اور عدم دلچسپی پر متعدد انچارجز اور تفتیشی افسران سے اظہار ناراضگی کرتے ہوئے کہا اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے افسران کو 2 روز کی مہلت دی خواتین سے زیادتی کے واقعات کی رپورٹ پر SSOIU افسران کو موقع پر پہنچنے اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34



لاہور ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں کرائم میٹنگ میں سرکل ڈی ایس پیز، SSOIU انچارجز اور تفتیشی افسران شریک ہیں



لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کیخلاف انتقامی کاروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے، محمد حسین

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کیخلاف انتقامی کاروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے، گذستہ روز آفس سے واپسی پر ایک ڈالے نے میرا تعقب کیا اور میری گاڑی کو ٹکر مار کر فرار ہو گیا، میری اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ میرا تعقب کرنیوالوں کو گرفتار کر کے مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ میں گذشتہ روز آفس سے چھٹی کے بعد گھر آ رہا تھا تو شنگھائی روڈ چونگی امر سدھو والٹن کینٹ پر نامعلوم گاڑی ویگو ڈالہ نے میری آفیشل گاڑی میں آ کر ٹکر ماری اور مجھے مارنے کی کوشش کی میری گاڑی کا بہت نقصان ہوا مگر اللہ تعالیٰ نے مجھے محفوظ رکھا۔

بینظیر بھٹو کی برسی، راجہ پرویز اشرف نے 35 رکنی سٹریٹجک مینجمنٹ کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم بینظیر بھٹو کے 17 ویں یوم شہادت کی تقریب میں شرکت کے لئے پی پی وسطی پنجاب کا قافلہ لاہور سے خصوصی ٹرین کے ذریعے جائیگا۔ اس سلسلے میں صدر پی پی وسطی پنجاب راجہ پرویز اشرف نے 35 رکنی سٹریٹجک مینجمنٹ کمیٹی کا اعلان کر دیا جس کے کنوینر سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی وسطی پنجاب شہزاد سعید چیمہ جبکہ کمیٹی ممبران میں عبدالرزاق سلیمی، عائشہ نواز چوہدری، ایڈون سہوترا، احمد شیر اعوان، آصف بلوچ، احسن رضوی، اطہر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

لاہور کے پرائیویٹ سکولوں کا سروے کروانے کا فیصلہ

تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام سکولوں میں سروے کروایا جا رہا ہے، سی ای او ایجوکیشن

لاہور (این این آئی) معیار تعلیم کی بہتری کیلئے ضلع لاہور کے پرائیویٹ سکولوں کا سروے کروانے کا فیصلہ کر لیا گیا، ہی ای او ایجوکیشن لاہور نذیر حسین چھینہ نے پرائیویٹ سکولز کے سروے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دیں۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلمنٹری مردانہ و زنانہ لاہور کو فوکل پرسن بنا کر ڈپٹی ڈی ای اوز اور اے ای اوز کو سروے کا حکم دیا ہے۔ سکول ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کی ہدایت پر سی ای او لاہور نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ضلع لاہور میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 15 ارب روپے سے زائد فنڈز کی منظوری

بین الاقوامی طرز پر لال سہانرا نیشنل پارک میں ایکو ٹورازم کے قیام کیلئے 2 ارب روپے منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 25-2024 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 50 ویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی 4 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 15 ارب 37 کروڑ 75 لاکھ 37 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی جبکہ 2 کھرب 25 ارب کی 2 سکیموں کو کلیئر کر کے حتمی منظوری کیلئے سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کو بھجوا دی گئیں۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40



لاہور، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان سے قومی امن کمیٹی کا وفد سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کر رہا ہے

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: 774 پوائنٹس کا اضافہ، 1 لاکھ 11 ہزار 584 پر آ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بدھ کو کاروبار کا مثبت آغاز ہوا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 774 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 11 ہزار 584 پر آ گیا۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ 11 ہزار 584 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

وزیر اعظم کی ہدایت پر این ڈی ایم اے کی جانب سے بھجوائی گئی دوسری امدادی سامان کی کھیپ کوالالمپور پہنچ گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کی ہدایت پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی جانب سے بھجوائی گئی دوسری امدادی سامان کی کھیپ کوالالمپور پہنچ گئی۔ ترجمان این ڈی ایم اے کے مطابق ملائیشیا سیلاب متاثرین کے لئے دوسری امدادی سامان کی کھیپ ملائیشیا کے شہر کوالالمپور جمعرات پہنچی۔

کوئٹہ: گرینڈ ہیلتھ الائنس کا سرکاری اسپتالوں میں علامتی ہڑتال ختم کرنے سے انکار

حکومت اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ واپس لے، گرینڈ ہیلتھ الائنس

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کی جانب سے سرکاری اسپتالوں کی او پی ڈیز میں 3 گھنٹے کی علامتی ہڑتال جاری ہے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس کی ہڑتال کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مریضوں کا مطالبہ ہے کہ نومبر سے اسپتالوں میں ہڑتال جاری ہے، حکومت نوٹس لے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ واپس لے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

چند دن پہلے تک ان کے مذاکرات صرف اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ حلال تھے، خواجہ آصف

مذاکرات اچھی بات ہے مگر بانی پی ٹی آئی دن میں کئی رنگ بدلتے ہیں اُن کی گارنٹی کون دیگا؟ بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مذاکرات اچھی بات ہے مگر بانی پی ٹی آئی دن میں کئی رنگ بدلتے ہیں اُن کی گارنٹی کون دیگا؟ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی جن ہلاکتوں کی بات کرتی ہے ان کی تعداد 12 سے 278 بتائی جاتی ہے لیکن رہنما کوئی ثبوت فراہم نہیں کرتے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماؤں سے رینجرز اور پولیس کی شہادتوں کا اعتراف درکنار ذکر بھی نہیں ہوتا، یہ دوغلا پن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

تاجروں کیساتھ زیادتی کرنے والے عناصر کو برداشت نہیں کریں گے، احسن افضل کھوکھر

غریب لوگوں کا چولہا ٹھنڈا کرنے والے عناصر کی مسلم لیگ میں کوئی جگہ نہیں، تقریب سے خطاب

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ تاجروں کے ساتھ زیادتی کرنے والے عناصر کو برداشت نہیں کریں گے، غریب لوگوں کا چولہا ٹھنڈا کرنے والے عناصر کی مسلم لیگ میں کوئی جگہ نہیں۔ محمدی چوک میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ رائے ونڈ کی تاجر برادری نے مجھے مین بازار دورے کے دوران شکایت کی ہے کہ انہیں ضلعی انتظامیہ پریشان کر رہی ہے انکا بلاوجہ سامان اٹھا لیا جاتا ہے، تجاوزات آپریشن کے دوران انکے ساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

تھانہ شادمان جلاؤ گھیراؤ کیس، شاہ محمود، یاسمین راشد و دیگر پر فرد جرم عائد

میاں محمود الرشید، سینیٹر اعجاز چوہدری، عمر سرفراز چیمہ اور دیگر شامل، تمام ملزمان کا صحت جرم سے انکار

آئندہ سماعت پر گواہان طلب، عسکری ٹاور جلاؤ گھیراؤ سمیت دیگر مقدمات کی کارروائی 23 دسمبر تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے تھانہ شادمان جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں شاہ محمود قریشی اور ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کرتے ہوئے پراسیکیوشن کے گواہوں کو 19 دسمبر کو طلب کر لیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور کے جج مناظر علی گل نے تھانہ شادمان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

تاریخ میں پہلی بار 300 کروڑ کے چالان

لاہوریوں نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے

لاہور (این این آئی) سال 2024ء میں لاہوریوں نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے۔ ٹریفک پولیس نے تاریخ میں پہلی بار تین سو کروڑ کے چالان کر ڈالے۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک پولیس لاہور نے رواں سال 56 لاکھ سے زائد ٹریفک خلاف ورزیوں پر چالان کئے، سب سے زیادہ خلاف ورزی کرنے والوں میں موٹر سائیکل سوار ہمیشہ کی طرح سرفہرست رہے۔ ٹریفک پولیس نے 34 لاکھ سے زائد موٹر سائیکل سواروں کے چالان کئے۔ چنگ چی رکشہ کے دوسرے نمبر پر سب سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

دینی مدارس کی آزادی، خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، جے یو آئی

مولانا فضل الرحمن کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے کیلئے جنہیں متحرک کیا گیا انکی مجبوریاں ہمیں معلوم ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اورڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دینی مدارس کی آزادی اور خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، مدارس رجسٹریشن معاملے پر تمام دینی مدارس کے ذمہ دار جے یو آئی کے موقف کی تائید کر رہے ہیں۔



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سنٹرل پولیس آفس میں ویڈیو لنک اجلاس کے دوران افسران کو اہم ہدایات دے رہے ہیں

الیکشن کمیشن، رکنِ قومی اسمبلی عادل بازئی کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا نوٹیفکیشن معطل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد الیکشن کمیشن نے رکنِ قومی اسمبلی عادل خان بازئی کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن نے کہا کہ این اے 262 سے عادل بازئی کو ڈی نوٹیفائی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

غزہ کے مسلمانوں نے استقامت کے ساتھ اسرائیل کا مقابلہ کیا، لیاقت بلوچ

مشرق وسطیٰ میں سازشوں کا سلسلہ جاری ہے، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل پاکستان

محمد جاوید قصوری کو ملی یکجہتی کونسل پنجاب وسطی کے صدر، میاں شبیر احمد قادری سیکرٹری جنرل منتخب

لاہور (این این آئی) ملی یکجہتی کونسل پنجاب وسطی کا اہم اجلاس صوبائی دفتر منصورہ میں جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما و سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل پاکستان لیاقت بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ملی یکجہتی کونسل پنجاب کے اس اہم اجلاس میں مختلف دینی جماعتوں کے قائدین نے شرکت کی۔ اجلاس میں محمد جاوید قصوری کو آئندہ تین سال کے لئے ملی یکجہتی کونسل پنجاب وسطی کا صدر جبکہ میاں شبیر احمد قادری کو سیکرٹری جنرل منتخب کیا گیا۔ اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

جاپانی قونصل جنرل کی ایاز صادق سے ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت

کراچی (این این آئی) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ اور پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سردار ایاز صادق سمیت سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایاز صادق کی ہمشیرہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نشتر ہسپتال ٹو ملتان میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود کے ہمراہ ڈی کیٹر سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

سنٹر ایس پی پولیس آفس آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اہم اجلاس

آئی جی پنجاب نے مختلف ریجنز اور اضلاع سے متعلقہ زیر التوا آڈٹ پیرا اعتراضات کا جائزہ لیا،

آئی جی پنجاب کی تمام ریجنز، اضلاع اور یونٹس کے سربراہان کو متعلقہ آڈٹ پیرا اعتراضات جلد از جلد کلیئر کروانے کی ہدایت، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ تمام ریجنز، اضلاع اور یونٹس کے سربراہان متعلقہ آڈٹ پیرا اعتراضات جلد از جلد کلیئر کروائیں۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ ڈی ڈی اوز یا ایس پی رینک کے افسران آڈٹ پیراز کے حوالے سے منعقدہ اجلاسوں میں خود شرکت یقینی بنائیں اور آڈٹ پیرا اعتراضات کے ورکنگ پیپرز ڈی جی آڈٹ سے تصدیق کروا کے متعلقہ کمیٹیوں میں جمع کروائے جائیں۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ آڈٹ پیرا اعتراضات کی کلیرنس کے حوالے سے محکمہ داخلہ کی دی گئی ٹائم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

بین الاقوامی یونیورسٹی کے ماہرین کا عالمی ترقی میں پیشرفت کے لئے تعاون پر زور

بیجنگ (شنہوا) چین اور دنیا بھر سے تقریباً 100 یونیورسٹی ماہرین اور سکالرز پیکنگ یونیورسٹی (پی کے یو) میں جمع ہوئے اور عالمی ترقی، سلامتی اور تہذیب کے فروغ میں مزید تعاون کی وکالت کی۔ یونیورسٹی سے وابستہ تھنک ٹینکس کی عالمی کانفرنس 2024 میں ماہرین عالمی ترقی اور خوشحالی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

چینی شہر ربی وو عالمی تجارتی اصلاحات کا ایک نیا دور متعارف کرائے گا

بیجنگ (شنہوا) چین کے مشرقی شہر ربی وو کو "دنیا کی سپر مارکیٹ" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ چین کے سرحد پار ای کامرس پلیٹ فارمز کے لئے ایک اہم سپلائر بھی ہے۔ اس شہر میں عالمی تجارتی اصلاحات کا ایک نیا دور شروع کیا جا رہا ہے جس کا مقصد عالمی تجارت میں اس کا کردار مستحکم کرنا ہے۔ ایک مراسلے کے مطابق ریاستی کونسل نے چین کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

امریکی پابندیوں کا مقصد چینی عوام کو ترقی کے حق سے محروم کرنا ہے، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (شنہوا) چین کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ امریکہ کی جانب سے ہائی ٹیک چینی کمپنیوں کے خلاف عائد کی جانے والی حالیہ پابندیاں انسانی حقوق کی آڑ میں ان اداروں کو دبانے کی کھلی کوشش ہے، اس اقدام نے ایک بار پھر چینی عوام کو ترقی کے حق سے محروم کرنے کے امریکہ کے حقیقی ارادے کو بے نقاب کر دیا ہے۔ چین کی وزارت خارجہ کی خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے اپنی معمول کی پریس بریفنگ کے دوران کینیڈا کی جانب سے بعض چینی اہلکاروں پر انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں کے الزام میں عائد پابندیوں کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہی۔ ان پابندیوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59



کراچی، صدر آصف علی زرداری سے چینی کاروباری وفد کی ملاقات کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو

مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام سمن آباد گول چکر پر فری دستر خوان کا افتتاح

ہر صوبائی حلقے میں ایک فری دستر خوان کا افتتاح کرینگے، پروفیسر سیف اللہ خالد

لاہور (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام سمن آباد گول چکر پر فری دستر خوان کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل سیف اللہ خالد، جنرل سیکرٹری لاہور ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی، سٹی صدر چوہدری معاذ اشتیاق، صدر کار مارکیٹ آصف بٹ، میاں غلام مصطفیٰ، رانا جہران سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ سیکرٹری جنرل مرکزی مسلم لیگ پروفیسر سیف اللہ خالد نے فری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49



سیکرٹری جنرل مرکزی مسلم لیگ پروفیسر سیف اللہ خالد فری دستر خوان کے افتتاح کے موقع میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سعودی کمپنی کی چین میں سرمایہ کاری کے بڑے مواقع پر نظر

مخصوص شعبوں کا تعلق ہے تو ان میں تعاون کے بہت سے مواقع موجود ہیں

ابوظہبی (شنہوا) سعودی سرمایہ کار کمپنی کے بی ڈبلیو وینچرز کا کہنا ہے کہ وہ چین میں خاص طور پر بائیو ٹیکنالوجی اور صحت کی نگہداشت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے بڑے مواقع دیکھ رہے ہیں کیونکہ چین اور خلیجی عرب خطے کے درمیان کاروباری تعلقات مستحکم ہوئے ہیں۔ ابوظہبی فنانس ویک کے موقع پر شنہوا کے ساتھ ایک انٹرویو میں کے بی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

ہواوے نے بلغاریہ کے بہترین طلبہ کو انعامات سے نواز دیا

سائنس، کاروبار اور تعلیم جیسے شعبوں میں بہترین کارکردگی دکھائیں گے

صوفیہ (شنہوا) چینی ٹیکنالوجی کمپنی ہواوے نے اپنے چوتھے وظائف پروگرام کے تحت بلغاریہ کے 50 بہترین طلبہ کو 2 ہزار یورو (2 ہزار 98 امریکہ ڈالر) کے وظائف سے نواز دیا ہے۔ ایوارڈز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلغاریہ میں چینی سفیر دائی چھنگ لی نے کہا کہ وظائف پروگرام بلغاریہ کی ترقی میں چینی کمپنیوں کے خلوص اور عزم کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

کینیڈا چین کے اندرونی معاملات میں مداخلت بند کرے، چینی وزارت خارجہ

کینیڈا کی حکومت نے حقائق جانے بغیر چین کے خلاف انسانی حقوق کے نام پر غلط الزامات عائد کئے اور چینی اہلکاروں پر غیر قانونی پابندیاں عائد کیں

بیجنگ (شنہوا) چین نے کینیڈا پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی صورت حال پر غور کرے اور چین کے اندرونی معاملات میں مداخلت بند کرے۔ یہ بات وزارت



کراچی، صدر آصف علی زرداری سے چینی کاروباری وفد کی ملاقات کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو

خواجہ سلمان رفیق نے ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

کارڈیالوجی کے سرکاری ہسپتالوں کی استعداد کار بڑھانے کیلئے ایک اجلاس کا انعقاد بھی کیا گیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا۔ سیکرٹری صحت عظمت محمود، چیئرمین بی او ڈی پی آئی سی ڈاکٹر فرقد عالمگیر، سپیشل سیکرٹری طارق محمود، ڈپٹی سیکرٹری بجٹ حماد الرب اور چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی بھی خواجہ سلمان رفیق کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایم آئی سی سی اور ایم ایس بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کارڈیالوجی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36



وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق ملتان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں طبی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے پی ایم ایس اور تحصیلدار کے امتحانات کے انتظامات مکمل کر لیے

امتحانات 15 دسمبر کو منعقد ہوں گے، مجموعی طور پر 54,287 امیدوار شرکت کریں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے پی ایم ایس کے پہلے مرحلے اور تحصیلدار کے امتحانات کے لیے انتظامات مکمل کر لیے۔ ان امتحانات میں مجموعی طور پر 54,287 امیدوار شرکت کریں گے جو 15 دسمبر کو منعقد ہوں گے۔ پی ایم ایس کے 67 سیٹوں کے لیے 21,006 اور تحصیلدار کی 14 سیٹوں کے لیے 33,281 امیدوار امتحانات میں حصہ لے رہے ہیں۔ امیدواروں کو پی ایم ایس اور تحصیلدار کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64



مشیر صحت وزیر اعلیٰ کے پی کے احتشام علی ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز محمد سلیم کے ہمراہ ڈائریکٹوریٹ کا دورہ کر رہے ہیں

سابق کپتان بابر اعظم کے خلاف مبینہ ہراسگی کیس کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی

عدالت نے کرکٹر کے سینئر وکیل کی عدم موجودگی میں جونیئر وکیل کی کیس ملتوی کرنے کی استدعا منظور کر لی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم کے خلاف مبینہ ہراسگی کیس کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں سابق کپتان بابر اعظم کے خلاف مبینہ ہراسگی کے مقدمے میں درخواست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

علاقائی کشمکش شدید ہونے سے شام کا مستقبل خطرے سے دوچار ہو گیا

شام کے پڑوسی ممالک نے زور دیا ہے کہ ملک کے مستقبل کا تعین شام کے عوام کو خود کرنا چاہیے

دمشق (شنہوا) شام کی صورتحال حالیہ دنوں میں ڈرامائی تبدیلی سے گزری ہے کیونکہ حیات تحریر الشام (ایچ ٹی ایس) کے جنگجوؤں نے 2 ہفتوں کی کارروائیوں کے بعد اتوار کو دمشق کی آزادی اور بشار الاسد کی حکومت کا تختہ الٹنے کا اعلان کیا ہے۔ شام کی خانہ جنگی کے دوران ایچ ٹی ایس اور دیگر شامی جنگجو گروہوں کے ذریعہ 2017 میں ادلب میں تشکیل دی گئی شامی نجات حکومت کے سربراہ محمد البشیر نے منگل کو اعلان کیا ہے کہ انہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

پاک فوج کے شہدا قوم کا فخر ہیں پوری قوم سلام پیش کرتی ہے، جمیل ضیا

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی ضلع ویسٹ کے جنرل سیکریٹری وچیئرمین اورنگی ٹاؤن حاجی جمیل ضیا نے ٹاؤن آفس میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی سلامتی کی خاطر افواج پاکستان کے شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، پیپلز پارٹی ملک کی خاطر جام شہادت نوش کرنے والے جوانوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ جمیل ضیا نے کہا شمالی وزیرستان میں 7 خوارج واصل جہنم کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کرتے ہیں۔

عمر لڑکوں کا جرائم میں ملوث ہونا انتہائی افسوسناک ہے، رضوان نیازی

کراچی (این این آئی) گزشتہ دس ماہ کے دوران کراچی میں 62 ہزار سے زائد اسٹریٹ کرائم کے واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں ڈکیتی مزاحمت کے دوران 105 سے زائد شہری جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ پی ٹی آئی سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری اور پارٹی مینجمنٹ سیل سندھ کے سربراہ رضوان نیازی نے ان اعداد و شمار کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے فوری اور سخت اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

معاشرے کی تعمیر و ترقی میں نوجوانوں کا بنیادی کردار ہے۔ الیاس مغل

کراچی (این این آئی) معاشرے کی تعمیر و ترقی میں نوجوانوں کا بنیادی کردار ہے۔ نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ہنر پر توجہ دینی ہوگی ہنر مند نوجوان ملک اور اپنا مستقبل تابناک بنا سکتے ہیں۔ یوتھ اس ملک کا سرمایہ ہیں ریاست نئی نسل کو مایوس کر رہی ہے نسل نو اپنے حصے کی شمع ضرور جلائے گی۔ منہاج یوتھ لیگ کے جوانوں کا سیاسی سماجی دینی مذہبی کردار دیگر نوجوانوں کیلئے ایک زندہ مثال ہے۔ مایوسی کے اندھیرے میں منہاج یوتھ لیگ کے جوان امید کی کرن ہیں۔

بجلی بلز کے بقایا جات کیلئے وزیر توانائی نے چاروں صوبوں کو خطوط لکھ دیئے

بجلی بلوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے پاور کمپنیوں پر مالی بوجھ بڑھ رہا ہے، بلا تعطل سپلائی میں مشکلات کا سامنا ہو سکتا

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں بجلی بلز کی مد میں بقایا جات کی وصولی کے لیے خیبر پختونخواہ کے بعد دیگر صوبوں کو بھی خطوط لکھ دیئے۔ اویس لغاری کی جانب سے سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ کو بھی خطوط بھیج دیئے گئے۔ خطوط میں کہا گیا ہے کہ بجلی کمپنیوں کی بہتری کے لیے اصلاحات کر رہے ہیں، بجلی چوری کے خاتمے اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

چین کا ایک بار پھر غزہ میں غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ

اسرائیل کو انسانی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا ہوگا، چینی مندوب

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی ج